© rasailojaraid.com

ڈاکٹر عتیق احمد جیلانی
ڈاکٹر رفیق احمد

امیر مینائی کی ایک غیر مطبوعہ (اُردو۔فارسی) لغت
''بہارِ ہند''

اُردو۔فارسی لغت نویسی کی تاریخ میں ملّا عبدالواسع ہانسوی کی تالیف ''غرائب اللغات'' کو باقاعدہ لغت کے طور پر اوّلیت کا شرف حاصل ہے۔ یہ لغت گیارھویں صدی ہجری کے آخر یا بارھویں صدی ہجری کی ابتدا میں مرتب ہوئی، اِسی لغت کو ۱۷۵۰ء (۱۱۶۵ھ) میں ''سراج الدین علی خاں آرزو نے ''نوادرالالفاظ'' کے نام سے تصحیح اور ترمیم کے ساتھ مرتب کیا۔ اس لُغت میں اردو الفاظ کی تشریح فارسی زبان میں کی گئی ہے جب کہ عربی و فارسی مترادفات بھی درج کیے گئے ہیں''۔ ۱؎ ۱۷۹۲ء (۱۲۰۷ھ) میں مرزا جان طپش کی لُغت ''شمس البیان فی مصطلحاتِ ہندوستان'' منظرِ عام پر آئی۔ یہ ۹۶ صفحات کی مختصر لغت اردو الفاظ و محاورات کی فارسی تشریحات اور اسنادِ اشعار پر مشتمل تھی۔

مولوی اوحدالدین بلگرامی کی ''نفائس اللغات'' بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے جو ۱۸۳۷ء میں مدوّن ہو کر ۱۸۴۹ء میں نول کشور لکھنؤ سے شائع ہوئی۔ اس لغت میں اردو الفاظ کی تشریح کے بہ جائے عربی فارسی مترادفات درج کیے گئے ہیں اسی طرح سند کے طور پر اردو اشعار کے بہ جائے عربی فارسی اشعار پیش کیے گئے ہیں۔

۱۸۴۴ء میں میر علی اوسط رشکؔ کی ''نفس اللغۃ'' منظرِ عام پر آئی۔ اس میں اردو الفاظ کے معنی فارسی زبان میں وضاحت کے ساتھ دیے گئے ہیں تاہم کہیں کہیں انتہائی اختصار سے کام لیا گیا ہے۔ یہ ایک نامکمل لغت ہے جس میں صرف ''ت'' تک کے الفاظ ہیں۔ اسناد پیش نہیں کی گئیں۔ ۱۸۴۵ء میں ''منتخب النفائس'' طبع ہو کر سامنے آئی جسے محبوب علی رام پوری نے مدوّن کیا۔ اس لُغت میں لفظ کی تشریح کے بہ جائے عربی اور فارسی مترادفات کالموں میں دیے گئے ہیں۔ اردو الفاظ کا تلفظ ظاہر کرنے کے بہ جائے عربی الفاظ کے اعراب کی نشان دہی کی گئی ہے۔ ظاہر ہوتا ہے کہ یہ لغت عربی داں حضرات کے فائدے کے لیے ترتیب دی گئی ہے۔ ۲؎

منشی امیر احمد مینائی (۱۸۲۹ء۔۱۹۰۰ء) اُردو فرہنگ نویسی میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتے ہیں مگر افسوس کی بات یہ ہے کہ اِس ضمن میں اُن کی کاوشوں کا ایک معمولی حصّہ ہی اہلِ علم کی نگاہ میں آسکا۔ امیر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اللغات کا پہلا حصّہ ۱۸۹۱ء میں مطبع مفید عام آگرہ سے شائع ہوا، جس میں صرف الف ممدودہ کے الفاظ ہیں۔ حصّہ دُوم ۱۸۹۲ء میں اِسی ادارے سے طبع ہوا اور یہ الف مقصورہ کے الفاظ پر مشتمل ہے۔ لُغت کے کُل آٹھ حصّوں میں سے تیسرا حصّہ، ۲۰۱۰ء میں ڈاکٹر رؤف پاریکھ نے مُرتب کر کے لاہور سے شائع کرایا۔ سید مسعود الحسن ادیب رضوی لکھتے ہیں کہ ''اِس کے بعد سے مسودات غیر مکمل موجود ہیں''، مگر اب اِن منتشر اجزا کا بھی کوئی سراغ نہیں ملتا۔''۳

امیر اللغات، لُغت نویسی سے امیؔر مینائی کی دل چسپی کا واحد مظہر نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اُنھیں قیامِ لکھنؤ کے دوران یعنی نوجوانی ہی میں اِس فن سے رغبت ہو چکی تھی۔ بہارِ ہند کے غیر مطبوعہ اردو دیباچے میں امیؔر لکھتے ہیں

> ''حمد و نعت کے بعد ذلہ ربای خوانِ سخن صف سفال نشینِ بزمِ زبان دانانِ تازہ و کہن، فقیر حقیر امیر احمد امیؔر لکھنوی، متنگِ خاندان حضرت زبدۃ العارفین مولانا شاہ مینا زاد اللہ برکاتہم عرض پرداز ہے کہ ہیچ کارہ اُس زمانے سے اساتذۂ کہن کا کفش بردار ہے جس زمانے میں اپنے صغرسن کے باعث سفید و سیاہ میں تمیز اور گردشِ لیل و نہار کا امتیاز نہ رکھتا تھا۰۰۰ اب تک کہ پچاس برس کے قریب سِن آ چکا، وہی تقدیر کا لکھا نامۂ سیاہ کی چشمِ شوق کو بہ جائے تلاوت ہے۔ ابتدائی عمر سے زبانِ اردو کی اصطلاحات و محاورات فراہم کرتا رہا اور جہاں تک ممکن ہوا اُستادوں کے اشعار بھی نظیر کے لیے فراہم کیے (یہ اِس لیے کہ اِس زبان میں کسی کو اجتہاد کا مرتبہ حاصل نہیں) البتہ جس کی نظیر دست یاب نہ ہوئی ناچار اپنی اور اپنے معاصرین کی تحقیق پر قناعت کی ۰۰۰ بہت سے احباب نے اصرار بلیغ فرمایا کہ اِس گنجینۂ فوائد و ذخیرۂ لیاقت کو بہ طور کتاب کے مرتب کرنا چاہیے تاکہ اور ارباب شوق کے لیے موجبِ افزائشِ تحقیق اور غیر اقلیموں کی زبان اردو سیکھنے والوں کو آسانی تکمیل و تحصیل کا ذریعہ ہو جائے۔''

''بہارِ ہند'' اور ''سرمۂ بصیرت'' کی ترتیب کا کام گو کہ ایک ہی دور میں شروع ہوا مگر سرمۂ بصیرت کی تکمیل پہلے ہوئی۔ ''سرمۂ بصیرت'' کے قلمی نسخے پر تاریخِ تکمیل ۱۰؍اکتوبر ۱۸۷۴ء کا اندراج ہے۔ چار جلدوں پر مشتمل یہ اردو۔ فارسی فرہنگ جناب اسرائیل احمد مینائی (نبیرہ امیر مینائی) کے پاس محفوظ ہے مگر ''بہارِ ہند'' کی پہلی جلد (مشتمل بر الف ممدودہ و مقصورہ) کے سوا دیگر اجزا ناپید ہیں۔ ''احسن اللہ ثاقب لکھتے ہیں:

> ''اِس میں اردو مصطلحات و محاورات کو ایک جگہ جمع کیا تھا اور سند میں اساتذہ کا کلام درج کیا تھا۔ اِسی لغت کو وسعت دے کر امیر اللغات کو مبسوط شکل میں لانے کا قصد تھا''۴

ہماری رائے میں احسن اللہ ثاقب کا یہ خیال درست نہیں کیوں کہ ''بہارِ ہند'' ذو لسانی لُغت ہے اور اِسے غیر اہل زبان خصوصاً فارسی خوانوں کی ضرورت سامنے رکھ کر ترتیب دیا گیا تھا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

''بہارِ ہند'' سے قبل ہندوستان میں مرتب ہونے والی ذولسانی لغات (اُردو۔فارسی) کا ذکر اِس مضمون کی ابتدا میں ہو چکا ہے یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اِس نوعیت کے کاموں کی مشکلات اور جامعینِ لغات کے فرائض کا تذکرہ ہو جائے تا کہ امیر کے کارنامے کا درست طور پر احاطہ کیا جا سکے۔اس حوالے سے ڈاکٹر حنیف کیفی رقم طراز ہیں:

''ایک ذولسانی لغت (Bilingual Dictionary) کے مرتب کی ذمے داریوں کا دائرہ اور زیادہ وسیع ہو جاتا ہے۔اس کے لیے براہِ راست کم سے کم دو زبانوں کا علم ضروری ہے۔اس کی اوّلین اور بنیادی ضرورت ہی یہ ہوتی ہے کہ وہ ایک زبان کے الفاظ کا ترجمہ وتشریح دوسری زبان کے الفاظ میں کرے۔اس کے لیے یہ لازم آتا ہے کہ نہ صرف بہ یک وقت دو زبانوں کے مزاج اور ان میں استعمال ہونے والے الفاظ کی روح تک اس کی نظر کی رسائی ہو بلکہ ان کے تاریخی ارتقا سے بھی اسے واقفیت حاصل ہو۔ایک زبان کے الفاظ کو دوسری زبان کے الفاظ میں منتقل کرنے کے عمل کو کام یاب اور بامعنی بنانے کے لیے یہ ضروری ہے کہ نقلِ مکانی کے تمام مسائل و مراحل سے واقفیت کے ساتھ تغیرِ زبانی کے تمام مدارج و منازل سے آگاہی بھی حاصل ہو۔ورنہ ایک زبان کا مزاج جس کی تشکیل صدیوں کی روایات نے کی ہے، دوسری زبان میں منتقل نہ ہو سکے گا۔ایک زبان کے الفاظ، بالخصوص ان کی ترکیبی (Synthetic) اور محاوراتی (Idiomatic) شکلوں کی دوسری زبان میں منتقلی کے عمل میں سب سے بڑی دشواری زبانوں کی یہی مزاج شناسی اور اُن کی تہذیبی اقدار سے آگاہی ہے۔زبانوں کے مزاج اور ان کے تہذیبی پس منظر سے ناواقفیت ہی کا نتیجہ ہے کہ اکثر و بیشتر ایک زبان کے الفاظ کو دوسری زبان کے الفاظ میں منتقل کرنے کا عمل ایسی صورت اختیار کر لیتا ہے جس سے اصل زبان کی روح بری طرح مجروح ہو جاتی ہے، یہ ایک ایسا کانٹوں بھرا راستا ہے جس پر ایک ذولسانی لغت نویس (Bilingual Lexicographer) کو بڑی احتیاط سے قدم رکھنا اور بہت سنبھل سنبھل کر چلنا ہوتا ہے''۔[۵]

لُغت نویسی ہی کے ضمن میں امیر مینائی کا ایک کارنامہ ''فرہنگِ محاوراتِ اردو'' ہے جو دو حصوں میں تالیف ہوئی ہے اور اس کی تاریخِ اتمام یکم مارچ ۱۸۹۸ء خطی نسخے پر درج ہے۔خوش قسمتی سے اِس کا مسودہ بھی محفوظ ہے۔

اِس وقت ہمارے پیشِ نظر ''بہارِ ہند'' کی جلد اوّل کا قلمی نسخہ ہے جس کا تعارف جناب اسرائیل احمد مینائی کی عنایت اور اجازت سے پیش کیا جا رہا ہے۔

مذکورہ مسودہ ۲۰x۳۲ سینٹی میٹر سائز کے ۳۲۳ صفحات پر مشتمل ہے۔اِس میں الف ممدودہ والف مقصورہ کے اردو الفاظ، محاورات اور اصطلاحات کی فارسی میں توضیح کی گئی ہے۔اردو کے معروف شعرا کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اشعار بہ طور سند درج ہیں۔ امیر اللغات کے برخلاف اِس فرہنگ میں امیر نے اپنے اشعار بھی جا بہ جا درج کیے ہیں۔ کہیں کہیں جملوں کی صورت میں بھی متعلقہ الفاظ کا استعمال واضح کیا گیا ہے۔ معانی کے ضمن میں کہیں مترادفات کا اندراج ہے اور کہیں باقاعدہ تشریحِ الفاظ سے کام لیا گیا ہے۔ محاوراتِ نسواں اور عوامی روزمرّہ کی وضاحت بھی موجود ہے۔ اندراجات کی کُل تعداد ۱۴۷۱ ہے۔ قدیم دستور کے مطابق علاماتِ اعراب کے بہ جائے تفصیل سے کام لیا گیا ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ تلفظِ الفاظ میں کوئی ابہام باقی نہ رہے۔ الفاظ، تفصیلِ اعراب، معانی اور امثال واسناد کو ایک ہی پیرے میں بہ غیر علاماتِ اوقاف درج کر دیا گیا ہے۔ ایک لفظ کے مختلف معانی کا اندراج بھی اِسی انداز میں ہوا ہے۔ ہم نے متن کو مفید تر بنانے اور استفادے کا دائرہ بڑھانے کے لیے تمام اندراجات کو نوعیت کے لحاظ سے الگ الگ جگہ دی ہے۔ ضرورت کے مطابق قوسین اور علاماتِ اوقاف کا اضافہ بھی کر دیا ہے۔

”آغاز: بنامِ نوابخش سازِ سخن برآریم از حمدِ رنگین چمن گلفشانی بہارِ محمدت چمن طراز حدیقہ امکان عندلیبانِ شوخ نوای معانی رنگین و مرغانِ شیریں صدای مضامین دلنشیں را۔۔۔

اختتام: ۱۴۷۱: این کیا معقول بفتح اوّل و تحتانے مخلوط النون ساکن بمعنے چہ خوش و چرانباشد انشاد ہلوے قطعہ۔۔۔ خوبے خلطی کے واہ منہ تو دیکھو“۔

یہ فرہنگ بنیادی طور پر غیر اہلِ زبان، خصوصاً فارسی دانوں کی اردو کے حوالے سے مشکلات پیشِ نظر رکھ کر تالیف کی گئی ہے۔ لیکن اِس کی خوبی یہ ہے کہ اِس سے اہلِ زبان بھی یک ساں طور پر مستفیض ہو سکتے ہیں۔

اب ہم قارئینِ رسالہ ”تحقیق“ کے لیے ”بہارِ ہند“ کا ایک حصّہ مرتب و مدوّن شکل میں پیش کرتے ہیں۔ یہ حصّہ ”فصل الف مقصورہ با حرف واؤ“ کے ۳۲۷، الفاظ، محاورات اور مصطلحات پر مشتمل ہے۔ قابلِ توجہ امر یہ ہے کہ اِس فصل میں ”واو ملفوظ اور واو غیر ملفوظ“ کو یک جا کر دیا گیا۔ ہم نے قارئین کی سہولت کے لیے واو غیر ملفوظ کی صورت میں متعلقہ لفظ کی جدید املائی حالت بھی ظاہر کر دی ہے۔ کیوں کہ آج کے قارئین حرکات بالحروف کے قاعدے سے مانوس نہیں ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ ”بہارِ ہند“ کا یہ دستیاب نسخہ منظرِ عام پر آنے سے حضرتِ امیر احمد مینائی کی فرہنگ نویسی اہلِ علم ودانش کی مزید توجہ حاصل کرے گی اور اِس ضمن میں تحقیق کے نئے در وا ہو سکیں گے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

''بہارِ ہند'' (اردو۔ فارسی)

(الفاظ، محاورات اور مصطلحات پر مشتمل ایک نادر فرہنگ)

از

امیر احمد مینائی

فصلِ الف مقصورہ با حرف واو

☆او: (بواو مجہول)

در اُردو حرفِ نداو خطاب است۔ چنانکہ در فارسی ای۔

وزیر لکھنوی:
خوب محشر کرکے برپا یار کو دکھلا دیا
آج، او، رفتارِ جاناں! کارِ فردا ہوگیا

صبا لکھنوی:
نچلا تو رہ کبھی فلکِ پیر چار روز
غمزے کی لے نہ او شترِ بے مہار روز

ناسخ لکھنوی:
نطق ہوگا بند او زاہد! نہ مے خواروں سے بحث
بے صدا ہوجائے گا گنبد تری دستار کا

قلق لکھنوی:
کہتے ہیں سرّ غیب سُن، او پیرِ صومعہ!
بڑ مارتے ہیں جب کہ مریدانِ مے فروش

آتش لکھنوی:
ہم بھی کشتے ترے نیرنگ کے ہیں یاد رہے
او! زمانے کی طرح رنگ بدلنے والے

☆اَوائی اُڑانا: (بفتحتین وتحتانی ثانی کہ درآخر است معروف)
بمعنی مشہور کردن خبرِ آمد آمد کسی باشد۔ زبانِ دہلی است۔

نصیر دہلوی:
اوائی جب اُڑاتی ہے صبا اُس گل کے آنے کی
تو فصلِ گل چمن سے بہرِ استقبال آتی ہے

☆اوبال (اُبال): (باالف وواو غیر ملفوظ و بای موحدہ بالف کشیدہ ولام)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جوشِ اوّل، چیز را گویند کہ از دیگ در حالتِ ابتدائی جوش خوردن بالا آید۔

صبا لکھنوی:
مجال ہے ، کوئی طوفاں کو روک سکتا ہے؟
یہ جوشِ عشق ہے ، کچھ دودھ کا اُبال نہیں

بحر لکھنوی:
دیگ کی طرح ہے گرم اپنی طبیعت ، اے بحر!
کبھی آتا ہے اُبال اور کبھی جوش مجھے

عاشق لکھنوی:
ہے سفید ایسا لہو دُنیا کا بعدِ کوہ کن
آہِ شیریں سے اُبال آیا نہ جوئے شِیر میں

*☆اوبالا (اُبالا): (بواو بیان ضمہ وبای موحدہ ولام ہر دو بالف کشیدہ)

طعامِ بی روغن باشد کہ بمریضان دہند۔

یوں تجھے یار نے دعوت میں کھلایا کھانا
جیسے بیمار کو دیتے ہیں اُبالا کھانا

☆اوبالنا (اُبالنا): مصدر ست بمعنی جوش دادن۔

*☆اوبٹنا (اُبٹنا): (بواو غیر ملفوظہ وبای موحدہ مفتوح وتای ثقیلہ ساکن ونون بالف کشیدہ)

(الف) چیزی را گویند کہ شعیر را خوشبو نمودہ اردش بر بدن خصوصاً بر جسمِ عروس می مالند تا در بدنش عطریت پیدا شود۔

(ب) وبعضی آنرا اوبٹن (اُبٹن) بواو غیر ملفوظہ وموحدہ ساکن وتای ثقیلہ مفتوح ونون گویند و فصحای متاخر آنرا بغیر الف وواو بٹنا میگویند۔

اوبسنا (اُبسنا): (بواو غیر ملفوظہ وبای موحدہ مفتوح وسین مہملہ ساکن ونون بالف کشیدہ)

متغیر شدن چیزی از مزۂ اصلی وپیدا شدن عفونتی در آن۔

لمؤلفہ:
پائی نہ مَیں نے دولتِ دُنیا ، ترس گیا
آخر کو رکھے رکھّے یہ کھانا اُبس گیا

☆اوبکانا (اُبکانا): (بواو غیر ملفوظہ وبای موحدہ ساکن وکاف عربی ونون ہر دو بالف کشیدہ)

(الف) مصدر است بمعنی تہوُّع۔

(ب) واو بکائی (اُبکائی)، (بہمزہ بصورت تحتانی وتحتانی ثانی معروف)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

حاصل بالمصدرو مستعمل ہمین است۔

لمؤلفہ: فراقِ یار میں کس کو شرابِ ناب بھاتی ہے
جو کوئی نام لیتا ہے مجھے اُبکائی آتی ہے

☆اوبلنا (اُبلنا): (بواوغیر ملفوظہ وموحدہ مفتوح ولام ساکن ونون بالف کشیدہ)

(الف) بمعنی بجوش آمدن۔

اسیر لکھنوی: سوزشِ دل میں نہ نکلے گی دہن سے مرے اُف
آنچ ہو لاکھ کڑی ، دیگ اُبلنے کی نہیں

(ب) واوبل آنا (اُبل آنا) ہم بہمین معنی۔

ناسخ لکھنوی: جس حسیں کو دیکھتا ہوں مَیں اُبل آتے ہیں اشک
میری آنکھوں میں ہے عالم معدنِ سیماب کا

(ج) واوبل جانا واوبل پڑنا واوبل چلنا (اُبل) ہمہ مستعمل۔

لمؤلفہ: اے دل! بھرے تو بیٹھے ہی تھے سب اُبل پڑے
کانٹوں نے لی جو نوک کی چھالوں کے سامنے

آتش لکھنوی: ساقی! معاف رکھ مجھے ساغر کشی سے تو
مے کیا وہ دودھ ہے کہ جو بہہ کر اُبل چلے

☆اوبہارنا (اُبھارنا): (الف) مصدر است بمعنی برانگیختہ گردانیدن کسی باقدام کاری۔

صبا لکھنوی: یقینِ مفسدہ ہے عشقِ مہ و شاں سے ہمیں
اُبھارتا ہے، بھڑا دے گا آسماں سے ہمیں

سحر لکھنوی: رندو ، چلو! اُبھار کے زاہد کو لے چلیں
نوروز ہے وہ کھیل رہے ہیں گلی میں رنگ

قلق لکھنوی در مثنوی طلسم الفت: دیکھو کیا جال مارتی ہوں مَیں
ماں کو اُس کی اُبھارتی ہوں مَیں

آتش لکھنوی: ایمائے ناز ہے یہی اُس شاہِ حسن کو
چینِ جبیں کو قتلِ جہاں پر اُبھاریے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(ب) وبمعنی بلند کردن و برآوردن۔

قلق لکھنوی:
سرِ پستاں سے نہ آئینہ عارض ٹکرائے
سینہ اتنا نہ دمِ رقص اُبھارا کیجے

منیؔ:
پڑی ہے ساتھ ہی سرجنگ اک موجِ حوادث کی
حبابوں نے جب اس بحرِ جہاں میں سر اُبھارا ہے

(ج) و اُبھرنا مصدر لازم۔

اسیر لکھنوی:
ڈوب کر چاہِ زنخ داں میں نہ اُبھرا کوئی
ہے عجب طرح کا اِس کنڈ میں گہرا پانی

آتش لکھنوی:
تصور سے ترے روحیں رہا کرتی ہیں لہروں میں
ہوا بھر کر تری سر میں حبابِ بحر اُبھرتے ہیں

صبا لکھنوی:
رکھے ظرف کیا کوئی کم مایہ ہوکر
حبابِ آبِ دُر میں اُبھرتا نہیں ہے

کیف لکھنوی:
عجائب سیر دکھلاتی ہے تاثیرِ نمو ہم کو
بہار آتے ہی دل کے داغ سینے سے اُبھرتے ہیں

(د) و اُبھار حاصل مصدر متعدی۔

اسیر لکھنوی:
مرگئے قاتل جو دیکھا تیرے سینے کا اُبھار
کام انگیا کی کٹوری نے کِیا تلوار کا

صبا لکھنوی:
روپ پر ہے یار کا باغِ جوانی ، دیکھنا
کیا شگوفہ لائے سینے کا اُبھار اب کے برس

لموٴلفہ:
جوبن اُبھار پر ہے چمن میں نہ جایئے
بادِ صبا لگائے گی چوری انار کی

☆ او بہار (اُبھار) کے دن: کنایہ از زمانہ آغازِ شباب۔

اسیر لکھنوی:
اب وہ آتے چلے ہیں جوبن پر
چشمِ بددوُر ، ہیں اُبھار کے دن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اوبھری (اُبھری) ہوئی گات: (بواو غیر ملفوظہ و موحدہ مخلوط الہا ساکن و رای مہملہ بتحتانی معروف) کنایہ از برآمدگی پستان باشد۔

بحر لکھنوی در واسوخت:
گات اُبھری ہوئی پیوند کا عالم دکھلائے
نارِ پستاں کا مزا سیبِ ذقن میں آ جائے

☆اوبے: (بواو مجہول و بای موحدہ و تحتانی مجہول)

(الف) کلمۂ خطاب است بہ نسبت ادنا ہنگامِ زجر و تنبیہ۔

(ب) و بیای معروف چاہی را گویند کہ برای گرفتار کردن پیلان در صحرا کندہ خسپوش میسازند۔

لمؤلفہ:
دامِ آفت میں نہیں پھنستے جو ہیں آتش مزاج
خوف اوبی کا نہیں ہے فیلِ آتش باز کو

☆اوپ: (بواو مجہول و بای فارسی در آخر)

بہ معنی تاب و درخشانی۔

بحر لکھنوی:
کیا ضیائے حسن سے جھمکا ثریا ہوگیا
اوپ کانوں سے ہوئی ایسی، گھر اختر ہوگیا

☆اوپاڑنا: (اُپاڑنا): (بضم الف و واو غیر ملفوظ و بای عجمی بالف کشیدہ و رای ہندی ساکن)

(الف) بہ معنی برکندن موی وغیرہ۔ محاورۂ دہلی ست۔

سودا دہلوی:
ہم آپ سے کچھ شیخ کو کہتے نہیں ورنہ
داڑھی کو پکڑ لیجے تو کیا پشم اُپاڑے

(ب) در لکھنو بجایش اوکھاڑنا (اُکھاڑنا) گویند۔ اما در بعضی از محاورات مستعمل است، چنانکہ کھل اُپھاڑ کہ بہ معنی پوست کندن باشد۔

جان صاحب لکھنوی در ریختی: لہلوٹ کھل اُپھاڑ کے پالے پڑی ہوں میں
دم کیوں نہ اُلجھے ------

☆اوپچ (اُپچ): (بواو غیر ملفوظ و بای فارسی مفتوح و جیم عربی)

(الف) باصطلاحِ مغنیان بمعنی لحن باشد۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بحرؔ لکھنوی: جنوں پھر رنگ لایا چاہتا ہے دشت گردی میں
ہراک جھنکار اُپج جنگلے کی ہے سن لے سلاسل سے

(ب) واوپج (اُپج) کی لینا، عبارت از افزایشِ لحن درنغمہ باشد کہ از پستی بسوی بلندی روند۔

میاں مصحفیؔ: لی اک اُپج کی لے جو حدی خواں نے نجد میں
لیلا کی طرح آگیا ناقہ بھی وجد میں

برقؔ لکھنوی: اُپج کی لے رہا ہے رعد نالہ عاشقانہ ہے
اِسی شوری کا ٹپا بلبلوں کا ہر ترانہ ہے

(ج) ورنگینؔ دہلوی اُپج لینا گفتہ۔

رفتہ رفتہ یہ فلک سے بھی لگا جانے پرے
روز لیتا ہے اُپج نالۂ شب گیر نئی

(د) ونیز بمعنی سخنی جدید گفتن وکاری تازہ کردن ہم آید کہ فراتر از پایہ باشد۔ چنانکہ گویند ''زید اُپج کی لیتا ہے''، یعنی سخنی میگوید یا کاری میکند کہ بالاتر از مرتبہٗ اوست۔

☆ اوپجنا (اُپجنا): (بواوغیر ملفوظہ وبای فارسی مفتوح وجیم عربی ساکن ونون بالف کشیدہ) شے ناشدن، امری از دل ولحنِ جدید از نغمہ۔

مصحفیؔ: اے مصحفیؔ! درد کا ادب کر
اپجے ہے جو کچھ، سو مار جی میں

قلقؔ لکھنوی: دائرہ اور چکارا بجتا ہے
بے سرے ایک اک اُپجتا ہے

☆ اوپچی: (بواو مجہول وبای فارسی ساکن وجیم فارسی وتحتانی معروف) کسی را گویند کہ سلاح بکثرت زیب تن کردہ باشد۔

لمؤلفہ: نیزہ بھی، تیر بھی، تلوار بھی لایا قاتل
اوپچی بن کے، مرے قتل کو آیا قاتل

☆ اُوپر: (بواو معروف وبای فارسی مفتوح ورای مہملہ درآخر)
(الف) بمعنی بروبالا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

آتش لکھنوی: شک ہے کمر یار کے اُوپر رگِ جاں کا
کیسی رگِ گُل ، رشتۂ باریک کہاں کا

ناسخ لکھنوی: زبس واژوں ہے اپنا کوکب بخت
زمیں اوپر ہے ، نیچے آسماں ہے

لمؤلفہ: پسِ مُردن یہ بخشی ہم کو رفعت خاک ساری نے
چُھپے ہیں خاک کے نیچے ، گئے افلاک کے اُوپر

(ب) باید دانست کہ جای کہ مقابلہ اوپر بالفظ نیچے باشد ہمین لفظ اوپر آوردن ضرور است واگر این مقابلہ نباشد فصحا بجایش لفظ پر آوردن اولا دانند، چنانکہ۔

ناسخ لکھنوی گفتہ: جائے جراح کہ اب نامہ بر آپہنچا ہے
بدلے پھاہے کے رکھوں داغِ جگر پر کاغذ

(ج) وتحقیق آن درلغت بر یعنی حرف بای خواہد آمد۔

☆اُوپر اُوپر جانا: بمعنی بالا بالا رفتن وکنایہ از نرسانیدن ضرر و نہ واقع شدن مفسدہ۔

میر تقی مغفور دہلوی: شرم آلودہ تیری آنکھیں خاک میں ہم کو ملائیں گی ☆
کیا یہ نگاہیں نیچی نیچی اُوپر اُوپر جائیں گی

لمؤلفہ: نیچی نظروں سے مجھے آخر لگے وہ دیکھنے
اُوپر اُوپر جاتی ہیں آہوں کی تاثیریں کہیں

☆اوپر دھری: (بدال مہملہ مخلوط بہا وراى مہملہ وتحتانی معروف)
بمعنی بالا بندی یعنی تہمت۔محاورۂ زنان است۔

ہم کو معلوم اُن کی گھاتیں ہیں
یہ تو اُوپر دھری کی باتیں ہیں

☆اُوپر کے دم بھرنا: بمعنی قریب بمرگ رسیدن۔

نکہت دہلوی: جب دم بہ دم رقیب کا دم وہ صنم بھرے
بیمارِ عشق کیوں کہ نہ اُوپر کا دم بھرے

☆ بے وزن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

حسن دہلوی: زبس اُس کو تھا اوپر آنے کا غم
کہے تو کہ بھرتا تھا اوُپر کے دم

☆اوُپراوُپر مزے لوُٹنا: مخفی از دیگران بالا بالا لطف برداشتن ولذّت گرفتن۔

میر حسن دہلوی: الگ ہم سے یوں رہنا اور چھوٹنا
یہ اوُپر ہی اوُپر مزے لوُٹنا

☆اوُپر والا: کنایہ از ہلال باشد۔محاورۂ بیگمات است۔

انشاؔ دہلوی درریختی: جب تلک آئے نہ گھر میں مرے باہر والا
اے ددا ، نوج! دکھائی پڑے اوُپر والا

☆اوُپر والیاں: کنایہ از زغن ہا باشد۔بمحاورۂ بیگمات۔

☆اوُپری بات: (بتحتانی معروف)

سخنِ بالا را گویند کہ از اصل مطلب زاید وبیگانہ باشد۔

بحرؔ لکھنوی: اوُپری بات ہے کیا چاند کہوں میں اُس کو
یار خورشید ہے ، آئینہ قمر اُس کا ہے

☆اوُپری دل سے: (تحتانی اوّل معروف وثانی مجہول)

ضد، تہہ دل باشد یعنی اینکار واین سخن از دل تعلق ندارد۔

عاشقؔ لکھنوی: کہتے ہیں تم کو جو مہِ کامل
چاہتے ہیں وہ اوُپری دل سے

☆اوپلا (اُپلا): (بواو بیانِ ضمہ وبای فارسی ساکن ولام بالف کشیدہ)

سرگین خشک شدہ گاومیش وغیرہ باشد کہ آنرا در دیگ دان می سوزند وبجای ہیمہ بکار آرند۔

درہجو دیوشاعرے گفتہ: تھے عجب ہونٹ اُس ستم گر کے
موٹے اُپلے ہوں جیسے گوبر کے

☆اوپنی: (بواو مجہول وبای فارسی ساکن ونون بتحتانی معروف)

سنگ فسان باشد۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اوپی (اُپی) ہوئی: (بواو غیر ملفوظ و بای فارسی و تحتانی معروف)

تیغ وغیرہ فسان دیدہ و تیز کردہ شدہ۔

اسیرؔ لکھنوی:
چڑھے مُنہ پر جو اُس کے کوئی ، کیا مُنہ!
کھنچا خنجر ، اُپی تلوار ہے دل

☆اوت: (بواو معروف)

بیوقوف و ناداں را گویند۔

سوداؔ دہلوی در ہجوِ طبیب:
لا تو سریدے کو تو اب میرے پوت
کھول تو قانون کو اے بھڑوے اوت

محاورۂ قدما بودہ است۔ اکنون کمتر بر زبان میرود۔

☆اوتار: (بالف مفتوح و واو ساکن و فوقانی بالف کشیدہ و رای مہملہ)

(الف) لغت بھاکاست، بمعنی اکابر کہ ہنود آنہا را صاحبِ قدرتِ کاملہ میدانند۔

انشاؔ دہلوی:
یہ جو مہنت بیٹھے ہیں رادھا کے کنڈ پر
اوتار بن کے گرتے ہیں پریوں کے جھنڈ پر

(ب) بواو غیر ملفوظ وقتِ زوالِ نشہ، حاصل مصدر او تارنا (اُتارنا)۔

قلقؔ لکھنوی:
چڑھے گا جس پہ یہ جن، جان لے کے اُترے گا
نہیں ہے نشۂ الفت اُتار سے واقف

(ج) و بمعنی پستی بمقابلہ بلندی۔

لمؤلفہ:
زمیں میں گڑ کر گئے فلک پر
چڑھاؤ اپنے اُتار میں ہے

(د) و در دہلی بمعنی زنِ بدکار و آوارہ باشد۔

شاہ نصیرؔ دہلوی:
محتسب! دُختِ رز ہے ایک اوتار
اِس کو دُرّے تو برگِ تاک کے مار

(ہ) و در متقدمین بمعنی قدر ہم استعمال یافتہ۔

میر حسنؔ دہلوی:
سنگھاروں میں گو سب سے ہے یہ اُتار
یہ کہتی ہیں چوٹی کا اُس کو سنگھار

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ اوتارا (اُتارا): (بواو بیان ضمہ)۔ (الف) عبارت از عبور دریا۔

عاشق لکھنوی:
روؤں دریا کے کنارے اگر اے بحرِ صفا!
ایک بھی آٹھ پہر میں یہ اُتارا ہوگا

اسیر لکھنوی:
کشتی کا سہارا نہ یہاں پُل کا بھروسا
دریاے محبت سے ہے دُشوار اُتارا

(ب) وماضی است از اُتارنا۔

اسیر لکھنوی:
کام آگئی کیا کشتیِ مے، قلزم غم میں
ساقی! ہمیں اِس پار سے اُس پار اُتارا

(ج) وہم کنایہ از تصدّق وغیرہ باشد کہ عزیمت خوانان برای دفع آسیب چیزہای چند مہیا کردہ و عزیمت خواندہ زیرِ زمین دفن کنند یا بجای بگذارند۔

بحر لکھنوی:
تیرے میدان میں رُستم کی حقیقت کیا ہے
ذرّہ بن جائے گا مریخ اُتارا ہوکر

☆ اُتار چڑھاؤ: (بجیم فارسی مفتوح ورای ثقیلہ مخلوط بہا بالف کشیدہ وہمزہ بصورت واو) پستی وبلندی راگویند۔

نصیر دہلوی:
نصیر صورتِ کشتی یہ بحرِ دُنیا ہے
رہے ہے اِس پہ جو مخلوق کو اُتار چڑھاؤ

سرور دہلوی:
مثالِ کوزہ دلاّب چرخِ دولابی
ہر ایک شخص کو دکھلائے ہے اُتار چڑھاؤ

جرأت:
ہم آئے گھر میں تو جا بیٹھے بام پر تم، آہ!
لگا جو دل تو دکھانے لگے اُتار چڑھاؤ

حقیقت دہلوی:
منزلِ عشق میں ہیں ایسے اُتار اور چڑھاؤ
جوں نظر پست و بلند آئے ہے کہسار کی راہ

☆ اوتارنا (اُتارنا): (بواو غیر ملفوظہ)

(الف): بمعنی فرود آوردن چیزی از جای بلند۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اسیرؔ لکھنوی: مر مر گئے ہم ایسے کہ تربت ہی میں اُترے
کمرے سے جو اُس نے سر بازار اُتارا

(ب) وفرود آوردن چیزی در چیزی۔

اسیرؔ لکھنوی: واعظ نہ ہُوا معتقدِ پیرِ مغاں کب
شیشے میں پری ، جن کو کئی بار اُتارا

(ج) وبمعنی جدا ساختن لباس و زیور وغیرہ۔

اسیرؔ لکھنوی: اُس طفل نے منت کے نہیں طوق بڑھائے
گردن سے مری طوقِ گراں بار اُتارا

لمؤلفہ: یک رنگ تھے وہ ہم کہ دورنگی نہ کی پسند
پہنا کفن تو جامۂ ہستی اُتار کے

(د) وبمعنی پرواز برداشتن۔ چنانکہ گویند نقشہ اُتارا۔

لمؤلفہ: یوسف کی اصل پوچھیے نقاشِ دہر سے
بھیجا تھا میرے یار کا نقشہ اُتار کے

(ہ) وبمعنی دفن کردن وفرود آوردن میت در قبر۔

کیفؔ لکھنوی: قبر میں مجھ کو اُتارا تھا بہت چپکے سے
ہوگئی جلد فرشتوں کو خبر ، کیا باعث

(و) بمعنی لباس از بدن کسی جدا ساختن۔

قلقؔ لکھنوی: دیکھا وہاں بھی تجھ کو جو پہنے ہوئے حریر
زاہد! اُتار لوں گا میں حلّہ بہشت کا

(ز) ونیز کسی را از مرکب فرود آوردن۔

قلقؔ لکھنوی، بدیں معنی: لاکھ فقروں سے اُتروا لیتے تجھ کو ، کیا کریں
راہ میں ڈولی تری ، اے پردہ در! ملتی نہیں

(ح) وبمعنی صدقہ کردن۔ چنانکہ گویند ''کبوتر سر سے اُتار کے چھوڑ دو''۔

لمؤلفہ: گلشن سے بُلبلوں کو اُڑاتا ہے باغ باں
صدقے اُتر رہے ہیں عروسِ بہار کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(ط) ومار اُتارنا، یعنی فنا کردن وقتل نمودن باشد۔

اسیر لکھنوی: آخر نہ اسیرِ اُلفت کاکل میں بچی جان
کیا کہیے اِس افعی نے ہمیں مار اُتارا

☆ اوتاولا (اُتاوَلا): (واو غیر ملفوظہ وفوقانی بالف کشیدہ وہمزہ بصورت واوساکن ولام بالف کشیدہ) کسی را گویند کہ درمزاجش تعجیل درکار باشد۔ زبانِ دہلی است۔

☆ اوتّر (اُتّر): (بواوبیان ضمہ وفوقانی مشدّد مفتوح ورای مہملہ درآخر) جانبِ شمال راگویند۔

ناسخ لکھنوی: پچھم اور اُتّر کے کونے سے چلی آتی ہے روز
بوے زلفِ یار ، لے لے کر ہواے لکھنؤ

☆ اوترا شحنہ مردک نام: کنایہ است از آنکہ زپایۂ خود فرومی افتد، وفری باو نہ نہند وحقیرش شمارند۔

مومن خان دہلوی، مادۂ تاریخ معزولی شحنہ:

سب نے کہا ، جب چھوٹا کام
اُترا شحنہ مردک نام

مگر لفظ اوترا را بغیر واو (اُترا) نوشتہ، مادۂ تاریخ برآوردہ اند

☆ اوترانا (اُترانا): (بواوبیان ضمہ وفوقانی ساکن ورای مہملہ بالف کشیدہ ونون بالف کشیدہ) از تہ آب بالا برآمدن۔ زبان غیر فصیح است۔ اہلِ شہر وفصحا درین محل بغیر الف بکسر تای قرشت و سکون رای مہملہ، ترنا میگویند

ناسخ لکھنوی: جو تیرے دشت میں ، مجنوں! کبھی مَیں روؤں گا
ترے گا خیمۂ لیلا حباب کے بدلے

☆ اوترنا (اُترنا): (الف) بدریا درآمدن۔

عاشق لکھنوی: چڑھا آتا ہے یہ پانی ، ہزاروں ڈوبے جاتے ہیں
وہ اُترے ہیں نہانے کو، عجب دریا میں ہل چل ہے

(ب) وفرود آمدن از بالا بپایین۔

آتش لکھنوی: کس طرح .... نہ تجھ پر فلک چارم سے
تیری کشتی کی زیارت کو مسیحا اُترا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(ج) وکم شدن۔

اسیر لکھنوی: سخت جانی نے مری ، کی مرے قاتل سے کڑی
.... خنجر اُترا

(د) وزائل شدن۔

آتش لکھنوی: وصل کے بعد نہ کس طرح سے ہو رنج فراق
دردِ سر ہوتا ہے جب نشۂ صہبا اُترا

(ہ) وکنایہ از بی رونق شدن۔ چنانکہ مُنہ اُترنا۔

آتش لکھنوی: حالِ مجنوں تو نہیں نوع دگر دیکھا کچھ
سارباں! آج ہے کیوں چہرۂ لیلا اُترا

(و) وبیجا شدن عضوی از جای خود۔ چنانکہ پہنچا اُترنا و شانہ اُترنا۔

عاشق لکھنوی: حد سے زیادہ لطفِ نزاکت گزر گیا
کنگھی اُٹھائی ہاتھ میں ، شانہ اُتر گیا

(ز) وعبور کردن از آب۔ چنانکہ دریا سے پار اُترنا۔

ناسخ لکھنوی: اُتر جاؤں ابھی دریائے غم سے وہ اگر چاہے
مَیں کشتی جانتا ہوں یار کی تیغِ جہازی کو

(ح) وفرو رفتن چیزی در چیزی۔

صبا لکھنوی: ابرو سے ایک طفلِ حسیں نے کیا ہلاک
کھایا وہ نیمچہ کہ جگر تک اُتر گیا

اسیر لکھنوی: کی جو تعریف خطِ سبز کی بولے وہ اسیر
زہر کا گھونٹ گلے سے ترے کیوں کر اُترا

(ط) وفرو کش شدن بمقامی۔ چنانکہ سرا میں اُترنا۔

ناسخ لکھنوی: راہ رو روز اُترتے ہی چلے جاتے ہیں
کبھی مجھ کو نظر آئی نہ یہ منزل خالی

لمؤلفہ: جائے قیامِ منزلِ ہستی نہ تھی امیر
اُترے تھے ہم سرا میں کہ کوسِ سفر بجا!

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(ی) وبرآمات از مطالبۂ کسی۔ چنانکہ تقاضا اُترا۔

آتش لکھنوی:
سر سے بارِ سرِ آمادۂ سودا اُترا
شکر ہے خنجرِ قاتل کا تقاضا اُترا

(ک) وبرداشتہ شدن پرداز۔ چنانکہ نقشہ اُترنا، خاکا اترنا و نقل اُترنا۔

لموٴلفہ:
یوسف کی اصل پوچھیے نقاشِ دہر سے
بھیجا تھا میرے یار کا نقشہ اُتار کے

(ل) وبمعنی یکسان ماندن، کسی کا کسی سے برابر اُترنا۔

اسیر لکھنوی:
نیک و بد دونوں کو یک ساں مری آنکھیں سمجھیں
آہن و زر اِنھی پلّوں میں برابر اترا

(م) وبمعنی جُدا شُدن۔

اسیر لکھنوی:
ترے دیوانے کو اے سرو! بہت رشک آیا
طوق جب گردنِ قمری سے نہ مر کر اُترا

(ن) وبمعنی پیدا شدن و حاصل شدن۔

اسیر لکھنوی، مثال ہر دو معنی:
مثل طفلی کے جوانی میں بھی بھوکے نہ رہے
شیر مادر کی طرح رزقِ مقدر اُترا

(س) وبمعنی افتادن۔ چنانکہ آنکھ سے اُترنا یا نظر سے اُترنا کہ بمعنی حاصلش بی وقار شدن باشد۔

آتش لکھنوی:
اِس قدر اپنے یمِ اشک نے کی موج زنی
آخرِ کار نظر سے مری دریا اُترا

(ع) وبمعنی کم بودن در مرتبہ وصفات۔

رشک لکھنوی:
قسم اوّل نور تیرے عارضِ تاباں میں ہے
اُس سے کم سورج میں ہے، اُس سے اُتر کے چاند میں

(ف) وبمعنی بریدہ شدن۔

شعور لکھنوی:
خبر لے دامنِ پرُ خوں کی اپنے، غم نہ کھا اُس کا
وبالِ گردنِ عاشق تھا سر، اے تیغ زن! اُترا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(ص) بمعنی تصدّق دادہ شدن۔

شعور لکھنوی: مقرر طشت پُر زر ہے، جسے خورشید کہتے ہیں
تصدّق کس رفیع القدر کا چرخِ کہن اُترا

☆اوترن (اُترن): (بواو غیر ملفوظہ وفوقانی ساکن ورای مہملہ مفتوح ونون ساکن)
لباس را گویند کہ از بدن دور کردہ باشند۔

بحر لکھنوی: ہاتھ آئے اُس کا اُترن بھی اگر خورشید کو
خلعتِ نُور اپنا بدلے یار کی پوشاک سے

☆اوترنگ (اُترنگ): (بواو بیان ضمہ وفوقانی ساکن ورای مہملہ مفتوح ونون غنہ وکاف فارسی)
چوب بالائی کہ در مقابلِ چوبِ زیرین باشد۔

☆اوتر (اُتر) ہری: (بواو غیر ملفوظ وفوقانی ساکن ورای مہملہ وہای ہوز ساکن ورای مہملہ وتحتانی معروف)
بادِ شمال را گویند۔

☆اوتری (اُتری) ہوئی پاپوش: کنایہ از چیز ردی وبیکار، قابلِ احتراز باشد۔ زیرا کہ پاپوش را کہ خراب و
بیکار شدہ باشد دور از پا می کنند۔

آتش باندھنا مضمونِ غیر، اُتری ہوئی پاپوش ہے
لکھنوی، مصرع:

☆اوتری (اُتری) ہوئی کمان: کنایہ از کم شدن رونق وقوت۔

اسیر لکھنوی: دیکھے وہ شوخ کیا قدِ خم گشتہ کو مرے
اُتری کمان بھی کوئی چڑھتی ہے دھیان پر

☆اوتم (اُتّم) گا نا مدھم بجانا: (بواو بیانِ ضمہ وتای فوقانی مشدّد دومفتوح ومیم وکاف فارسی ونون ہر دو
بالف کشیدہ ومیم مفتوح ودال مہملہ مشدّد دومفتوح مخلوط التلفظ بہای ہوز ومیم وبای
موحدہ مفتوح وجیم تازی ونون ہر دو بالف کشیدہ)
محاورہ ایست بمعنی کار را اعتدال کردن وتجاوز نمودن از حدِ مناسب۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ اوتنا (اُتنا): (بواو بیانِ ضمہ وفوقانی ساکن ونون بالف کشیدہ)

بمعنی ہمانقدر۔

ناسخ لکھنوی:

جس قدر نشہ زیادہ ، اُتنی ہے سر گشتگی
ایک صورت پر ازل سے صورتِ افلاک ہے

☆ اوتھلا (اُتھلا): (بواو بیانِ ضمہ وفوقانی ساکن وہای مخلوط ولام بالف کشیدہ)

ظرفی وچیزی کہ عمق کم داشتہ باشد۔

☆ اوٹ: (بواو مجہول وفوقانی ثقیلہ)۔ (الف) عموماً بمعنی پردہ وحجاب۔

اسیر لکھنوی:

شوق غالب ہے تو جلدی توڑ ، اے تیرِ نگاہ!
آئنے کی اوٹ ، کیا دیوار ہے فولاد کی

آتش لکھنوی:

ٹٹی کی اوٹ میں وہ کیا کرتے ہیں شکار
مُنہ کو چُھپائے رکھتے ہیں اپنے نقاب میں

بحر لکھنوی:

بے شرم کو نہیں کسی پردے میں پردگی
جس کو حجاب ہے اُسے دامن بھی اوٹ ہے

برق لکھنوی:

دیکھ سکتا ہے بھلا کون بشر بے پردہ
اوٹ تم پردۂ عارض کی لگا دیتے ہو

میر حسن دہلوی در مثنوی:

دوپٹے کو کرنا کبھی مُنہ کی اوٹ
کہ پردے میں ہوجائے دل لوٹ پوٹ

(ب) وچار چوب را کہ مثلِ حلقۂ چار گوشہ ساختہ جامہ بر آن دوختہ برای حجابِ نظر انداختن ہای کل استادہ نمایند، آنرا اوٹ گویند خصوصاً۔

رشک لکھنوی:

اوٹ کی ، پردے کی، دروازے کی ، دیوار کی آڑ
کتنے رکھتا ہے وہ سامان حیا کے ، گھر میں

بے خود لکھنوی در مثنوی جلوۂ اختر:

نہ کس طرح دل بلبلوں کا ہو لوٹ
عروسِ چمن نے لگایا ہے اوٹ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اوٹ پٹانگ: (بواو معروف و فوقانی ثقیلہ و بای فارسی مفتوح و فوقانی ثقیلہ بالف کشیدہ و نون غنہ و کاف فارسی)
سخن و کارِ بیہودہ و مہمل را گویند و ہم کنایہ از مرد یاوہ باشد۔

میر دہلوی:
میں نے ہی اِس غزل کو سہل کیا
قافیے ہی تھے اِس کے اوٹ پٹانگ

☆اوٹکر (اُٹکّر) لیس: (بواو بیانِ ضمہ و تای ہندی مفتوح و کاف عربی مشدّد مفتوح و رای مہملہ ساکن و لام مفتوح و تحتانی ساکن و سین مہملہ)
فعلی و قولی کہ از روشِ سلامت و استواری دور بود و علاقہ از مقصود نداشتہ باشد۔

خوش نہیں آتیں یہ گھاتیں آپ کی
ہیں اُٹکّر لیس باتیں آپ کی

☆اوٹنا: (بواو مجہول)

جدا کردن پنبہ دانہ بود از پنبہ بذریعہ چرخی کہ آلہ باشد برای ہمین کار و اوٹانا و اوٹوانا متعدی آن باشد، اوّل متعدی بیک مفعول و ثانی بدو مفعول۔

☆اوٹنگا (اُٹنگا): (بواو بیانِ ضمہ و فوقانی ثقیلہ مفتوح و نون غنہ و کاف فارسی بالف کشیدہ)
زیرِ جامہ را گویند کہ کوتاہ باشد۔

انشا دہلوی:
چشم بدور ، شیخ جی صاحب!
کیا ازار آپ کی اوٹنگی ہے

☆اوٹھا (اُٹھا) بیٹھی: بمعنی قیام و قعود کسی کہ زود زود برخیزد و نشیند، میگویند کہ کیا اُٹھا بیٹھی کر رہا ہے۔

☆اوٹھا (اُٹھا) دینا: برخاست گردانیدن و نیز چیزی را برداشتہ حوالہ کردن بکسی۔

صبا لکھنوی:
غیروں نے آستانِ صنم سے اُٹھا دیا
ٹکرائیں چل کے سر درِ بیت الحرام سے

☆اوٹھا رکھنا (اُٹھا رکھنا): کنایہ از موقوف داشتن باشد، سخنی یا چیزی را۔

شاعرے گوید:
دیکھ کر خورشید کانپا ابروے خم دار کو
بس اُٹھا رکھ طاق پر ، اے ماہ! اب تلوار کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ اوٹھا (اُٹھا) کے پٹکنا: برداشتہ برزمین زدن وبعضی اُچھال کے پٹکنا ہم گفتہ اند۔

ناسخ لکھنوی:
ہر صاحبِ خزانہ کو ہے اوج ہی زوال
پٹکے نہ کیوں اُچھال کے فوارہ آب کو

☆ اوٹھا (اُٹھا) لینا: بمعنی برداشتن۔

صبا لکھنوی:
اب بھی کہو کہ خاک کشش عشق میں نہیں
کیوں ، بزمِ غیر سے تمھیں کیسا اُٹھالیا!

☆ اوٹھا (اُٹھا) مارنا: بمعنی مغلوب کردن کسی را در کشتی و معرکہ۔ محاورۂ دہلی است و در لکھنؤ بجایش اُٹھا کر دے مارنا گویند۔

ظفر شاہ دہلوی:
کسے تھا پاسِ عزّت اے ظفر مستی کے عالم میں
جہاں چاہا اُسے ...... جہاں چاہا اُٹھا مارا

☆ اوٹھان (اُٹھان): (بتای ثقیلہ وہای مخلوط بالف کشیدہ ونون درآخر معلنہ)

کنایہ از نشو ونما باشد در انسان ونباتات وعبارت از ارتفاع باشد در کاغذِ بادی۔

☆ اوٹھانا (اُٹھانا): (الف) بمعنی برداشتن۔

لمؤلفہ:
کہتے ہیں تجھ گدا کو وہ کوچے میں دیکھ کر
للہ جان چھوڑیے ، بستر اُٹھائیے

(ب) وبصرف در آوردن زر۔

لمؤلفہ:
پروا نہ کیجیے کہ ہے رزّاق اور خلق
تھوڑا بہت جو کچھ ہو میسّر اُٹھائیے

(ج) وبمعنی تحمل۔

لمؤلفہ:
وہ کیا اُٹھائے ہجر میں صدمے ملال کے
جس ناتواں سے لطف نہ اُٹھیں وصال کے

(د) وبلند کردن چون دیوار اُٹھانا وماننداٰن۔

لمؤلفہ:
آؤں میں پاس آپ کے گھر پھاند کر ضرور
دیوار کیا جو سدِ سکندر اُٹھائیے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(ہ) وبمعنی برپا کردن چون فساد اُٹھانا و کنایہ از دفن کردن چون جنازہ اُٹھانا۔

غالبؔ دہلوی: زندگی میں تو وہ محفل سے اُٹھا دیتے تھے
دیکھوں اب مرگئے پر کون اُٹھاتا ہے مجھے

لمؤلفہ: مردے پہ میرے آئے تو بولا یہ اُن سے یار
کس کا جنازہ ہے یہ سمجھ کر اُٹھائیے

(و) وبمعنی محو ساختن، چون حرف اُٹھانا۔

قلقؔ لکھنوی: صفحۂ دل سے خیالِ غیر ، اے جانِ جہاں!
صوٗرتِ حرفِ غلط مجھ کو اُٹھانا چاہیے

☆ اوٹھائی (اُٹھائی) گیرا: (بفوقانی ثقیلہ مفتوح مخلوط بہا بالف کشیدہ وہمزہ بصورتِ تحتانی وتحتانی معروف وکاف فارسی وتحتانی معروف ورای مہملہ بالف کشیدہ)

کسی را گویند کہ چیزہای مردم بسہل دزدیدہ برد۔

میر تقی دہلوی: اُس راہ زن سے مل کر دل کیوں نہ کھو کے بیٹھیں
انداز و ناز اُچکا ، غمزہ اُٹھائی گیرا

شعورؔ لکھنوی: طرازِ عشقِ خوٗباں ، دل لے گیا چُرا کر
پہلو میں لگ رہا تھا گویا اُٹھائی گیرا

☆ اوٹھہ بہاگنا (اُٹھ بھاگنا): (بفوقانی ثقیلہ ساکن وہای مخلوطہ)

بیتابانہ برخاستہ گریختن۔

آتشؔ لکھنوی: جوشِ وحشت میں جو اُکتا کے کبھی اُٹھ بھاگا
سیکڑوں کوس غزالوں نے نہ پایا مجھ کو

☆ اوٹھتا (اُٹھتا) جوبن: کنایہ از آغازِ زمانہ شباب۔

قلقؔ لکھنوی در مثنوی: مستِ صہباے غمزہ و انداز
اُٹھتا جوبن شباب کا آغاز

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ اوٹھتی اوٹھتی (اُٹھتے اُٹھتے): (الف) کنایہ از وقت برخاست۔ چنانکہ گویند ''اُٹھتے اُٹھتے گر پڑے''۔

اسیر لکھنوی: شرمِ تکلیفِ احبّا سے گھٹا میں اِس قدر
اُٹھتے اُٹھتے دوش پر خالی جنازہ ہوگیا

(ب) و بمعنی تا زمانِ برخاست۔

ناسخ لکھنوی: رات ہوجائے یقیناً مجھے اُٹھتے اُٹھتے
حالتِ ضعف میں کوئی جو پکارے دن کو

(ج) و این محاورہ مختص باین فعل نیست بلکہ اکثری از افعال ہمچنین بتکرار مستعمل میشوند۔ چنانکہ گویند ''کہتے کہتے رُک گئے''، یعنی وقتِ تکلم زبان بند شد و قس علیٰ ہذا و گاہی این تکرار مفید معنی کثرت می باشد، چنانکہ ''جاگتے جاگتے تھک گئے'' و گاہی افادہ معنی قلت میکند، چنانکہ گویند ''دیکھتے دیکھتے غائب ہوگیا''۔

رشک لکھنوی: دیدہ سمندر سے سوا ہوگیا ☆
دیکھتے ہی دیکھتے کیا ہوگیا

یعنی باندک دیدن چہا شد

☆ اوٹھتی بیٹھتی (اُٹھتے بیٹھتے): (تحتانی اوّل و ثالث مجہول)

(الف) بمعنی افتان و خیزان و بمعنی ہر وقت۔

لمؤلفہ، مثال ہر دو معنی: سب جلو میں آپ کے آتے ہیں اُٹھتے بیٹھتے
بہر دو مصرع: اک مجھی پر آپ جھنجھلاتے ہیں اُٹھتے بیٹھتے

(ب) و بمعنی نشستن و برخاستن۔

لمؤلفہ: نوجوانی ہی میں باقی ہے اُنھیں اتنا حجاب
کوئی بیٹھا ہو تو شرماتے ہیں اُٹھتے بیٹھتے

☆ وٹھتی (اُٹھتی) پینٹھ: وقت تمامی و برخاست بازار باشد۔

بحر لکھنوی: خریداری کسی کی کیجیے دُنیاے فانی میں
یہ اُٹھتی پینٹھ ہے، جو، بَن پڑے سودا، غنیمت ہے

☆ بے وزن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ اوٹھتی (اُٹھتی) جوانی: عبارت از آغازِ شباب۔

جرأت:
اِس اُٹھتی جوانی پہ یہ اُبھرا ہُوا سینہ
کیا گات ہے، کیا گات ہے، کیا گات ہے واللہ!

نکہت دہلوی:
جان آجاتی ہے صورت تیری ، جانی! دیکھ کر
جی ہی بیٹھا جائے ہے اُٹھتی جوانی دیکھ کر

☆ اوٹھتی (اُٹھتے) چلے جانا: کنایہ از جاری بودن سلسلۂ مرگ بود۔

ناسخ لکھنوی:
دم بہ دم اُٹھتے چلے جاتے ہیں لوگ
دہر گویا بزم برہم خوردہ ہے

☆ اوٹھتی (اُٹھتی) کوپل: (بواو بیانِ ضمہ وتای ثقیلہ ساکن مخلوط بہای ہوز وفوقانی وتحتانی معروف وکاف عربی وواو مجہول وبای فارسی مفتوح ولام)
کنایہ آغازِ جوانی کہ ہنوز شباب بحدِ کمالِ خود نرسیدہ باشد۔

جرأت:
بوٗٹا سا ہے قد اُس کا اور چال میں چھل بل ہے
ہو کیوں نہ بہار اُس پر اُٹھتی ہوئی کوپل ہے

بحر لکھنوی:
بہارِ حُسن ہے اُس گل بدن پر ، اُٹھتی کوپل ہے
جو گل دستہ ہے قد، پھولوں کی ڈالی مُنہ پر آنچل ہے

اوٹھہ (اُٹھ) جانا: (الف) کنایہ از مردن ومعدوم شدن۔

اسیر لکھنوی:
اُٹھ گیا مَیں کیا جہاں سے آدمیت اُٹھ گئی
خاکِ آدم میرے ماتم میں اُڑانا چاہیے

ناسخ لکھنوی:
پہلے اپنے عہد سے ، افسوس! سودا اُٹھ گیا
کس سے مانگیں جاکے ناسخ! اِس غزل کی داد ہم

قلق لکھنوی در مثنوی:
بے طلب بانٹتا تھا وہ زر و مال
اُٹھ گئی تھی جہاں سے رسمِ سوال

شعور لکھنوی:
جامِ جم جمشید سے ، آئینہ اسکندر سے ہے
اُٹھ گئے ہیں لوگ کیا کیا عالمِ ایجاد سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لمؤلفہ: قطارِ مور جس جا دیکھتا ہوں ، یہ سمجھتا ہوں
سلیماں اُٹھ گئے ، شاید یہ صف ہے اُن کے ماتم کی

(ب) وکنایہ از کتخدا شدن فرزند۔

قلق لکھنوی در مثنوی: گر مرے سامنے یہ اُٹھ جائیں
اپنے گھر بار والے کہلائیں

☆ اوٹھلّو (اُٹھلّو): (فوقانی ثقیلہ وہای مخلوطہ ولام مشدّد وواو معروف)

شخصی را گویند کہ بمجرد نشستن، تہیہ برخاستہ رفتن عادتش بود، وکاری باستقلال نمایدمحاورہ فصحا نیست۔

☆ اوٹھنا (اُٹھنا): (بفوقانی ثقیلہ زدہ مخلوطہ بہاونون بالف کشیدہ)

(الف) بمعنی برخاستن۔

اسیر لکھنوی: دیکھیے کون اب بچے ، کس کا سفینہ غرق ہو
اُس کی تیغِ آب دار اُٹھی ہے طوفاں کی طرف

(ب) وبمعنی رسیدن بحدِ کمال، چنانکہ گویند "یہ سرکہ خوب اُٹھا"

شاعرے گفتہ: بے سوزِ الم عشق میں لذت نہیں ہوتی
کھائے نہ کڑی دھوپ تو سرکہ نہیں اُٹھتا

(ج) وگاہی مفید معنی حصولِ کیفیت می باشد۔ چنانکہ گویند "رات محفل میں بڑا مزا اُٹھا"۔

اسیر لکھنوی: جب تک کہ درِ باغ سے درباں نہ اُٹھے گا
کچھ لطف تماشاے گلستاں نہ اُٹھے گا

(د) وگاہی افادہ معنی تحمل میکند۔ چنانکہ گویند "ہم سے یہ صدمہ نہ اُٹھے گا"۔

سحر لکھنوی: فرقت میں لیے بیٹھے ہیں ہیرے کی انگوٹھی
نیچے ہوں رقیبوں سے ، یہ صدمہ نہیں اُٹھتا

(ہ) وہمچنیں مفید معنی بلند شدن و برپا شدن وصرف شدن میشود۔ چنانکہ گویند "آج گز بھر دیوار اُٹھی"۔

لمؤلفہ: جو ایک دم کو بھی غرفے میں آپ آ بیٹھے
ہجومِ خلق سے دیوار اُٹھ گئی در پر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(و) ''دُنیا فتنہ اُٹھا''۔

لمؤلفہ: قیامت کے چلن، سب کو .... دکھاتا ہے
ہزاروں فتنے اٹھتے ہیں جہاں تو بیٹھ جاتا ہے

(ز) وکنایہ از مشخص شدن قیمت باشد۔

فلق لکھنوی: دیکھیے کتنے خریدار ہیں ، کیا اُٹھتا ہے
جنسِ دل بھیج کے بکوانی ہے بازاروں میں

(ح) وبمعنی بیدار شدن از خوابِ غفلت۔

اسیر لکھنوی: سزاوار پیری میں غفلت نہیں
اُٹھو سونے والو! سحر ہوگئی

(ط) وبمعنی برخاستہ خاطر شدن۔

سحر لکھنوی در مصرعِ اوّل: احباب کی صحبت سے دل اپنا نہ اُٹھے گا
ٹکڑی کا کبوتر ہے یہ تنہا نہ اُٹھے گا

(ی) وبمعنی پرواز آمدن، در مصرعِ ثانی شعرِ سحر موجود۔

☆ اوٹھو (اُٹھو): سونے والو: برای تنبیہِ خوابیدگانِ خوابِ غفلت برزبان آرند۔

اسیر لکھنوی: سزاوار پیری میں غفلت نہیں
اُٹھو سونے والو سحر ہوگئی

☆ اوٹھی (اُٹھی) ہوئی: (بواو بیانِ ضمّہ وفوقانی ثقیلہ مذکور مشدّد مخلوط بہا و ہر دو تحتانی معروف) صفت مادۂ سگ وغیرہ باشد، درحالتی کہ او مست گشتہ خواہشِ جفت شدن سازد۔

☆ اوجاڑنا (اُجاڑنا): (بجیم عربی بالف کشیدہ و برای ہندی رسیدہ و نون بالف کشیدہ)۔

(الف) مصدر بمعنی ویران کردن۔

اسیر لکھنوی: قفس آباد کر صیاد اگر آباد کرنا ہو
چمن سے آشیاں بلبل کا گل چیں نے اُجاڑا ہے

ناسخ لکھنوی کرچکی ہے تیری رفتار ایک عالم کو خراب
شہرِ خاموشاں کو بھی چل کر اُجاڑا چاہیے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

صبا لکھنوی:

سرو کو اے سروِ خوش قد خوب جھاڑا چاہیے
قمریوں کا گلشنِ ہستی اُجاڑا چاہیے

(ب) واُجاڑ، حاصل این مصدر است بمعنی ویران و ویرانہ۔

آتش لکھنوی:

لاشے اُٹھوا کر نہ کر اِس کو بھی اے قاتل! اُجاڑ
ہے فقط آباد اک گنجِ شہیداں رہ گیا

کیف لکھنوی:

بڑے اُجاڑ میں تھا اِس فقیر کا تکیہ
گذر اُدھر کو کوئی بادشاہ کیا کرتا

☆ وجاگر (اُجاگر): (بجیم عربی بالف کشیدہ وکاف فارسی مفتوح ورای مہملہ)۔

(الف) بمعنی روشن و پر نور۔

جرأت:

خانۂ دل ہو اُجاگر کیوں نہ جلوے سے ترے
تو ہے انساں، یا ہے غلماں، یا پری، یا حوُر ہے

(ب) وبیشتر این لفظ صفتِ مکان وشہروزمین واقع میشود۔ فاما اکنون برزبانِ فصحا کم است۔

☆ اوجالنا (اُجالنا): (بجیم بالف کشیدہ ولام ساکن ونون بالف کشیدہ)

بمعنی جلا دادن طلا ونقرہ وغیرہ باشد۔

کرتی ہے کام بادِ صبا بھی اُتار کا
زیور اُجالتی ہے عروسِ بہار کا

☆ اوجالا (اُجالا): (بجیم ولام ہر دو بالف کشیدہ)۔

(الف) بمعنی روشنی۔

آتش لکھنوی:

رُخ و زلف پر جان کھویا کیا
اندھیرے اُجالے میں رویا کیا

(ب) وبعضی از شعرای اوجیالا (اُجیالا) ہم گفتہ اند۔ چنانکہ بحر درین بیتِ نعت۔

زیادہ روضۂ رضواں سے اُجیالا ہے روضے میں
فلک ہے تمقمہ، خورشید شعلہ شمعِ مرقد کا

اکنون اکثری از اساتذہ سوای اُجالا، اُجیالا نگویند۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ اَوج پر آنا: (الف) بترقی دولت رسیدن و رونق یافتن۔

رشک لکھنوی:
اوج پر آیا ہے اِس مرتبہ گانا اُن کا
---اب وہ اُڑانے لگے ہیں باتوں میں

(ب) واوج ہونا ہم بہمین معنی۔

ناسخ لکھنوی:
ایک ساعت بھی زمانے میں ہُوا ہم کو نہ اَوج
آسماں پر کیا ہمارے بخت کا اختر نہیں

☆ اوجَڈ (اُجڈ): (بجیم مفتوح ودال ثقیلہ) بمعنی شخصی کہ از سلامتِ طبع بیگانہ باشد وافعال واقوالش اُستواری نداشتہ باشد۔

☆ اوجڑا (اُجڑا): (بجیم ساکن ورای ثقیلہ بالف کشیدہ)

(الف) بمعنی مکانِ ویران۔

لمؤلفہ:
نہ پوچھو حال دل کا ، میری آہِ بے اثر دیکھو
درختِ بے ثمر ہے یہ اُسی اُجڑے گلستاں کا

(ب) ودر محاورۂ زنان مردی را گویند کہ تحقیر وتنفر او منظور باشد۔ واُجڑی برای تانیث است۔

☆ اوجڑنا (اُجڑنا): (بجیم عربی مفتوحِ ورای ہندی ساکن)

مصدر است بمعنی ویران شُدن۔

بحر لکھنوی:
ہم ناقصوں کے دور میں کامل ہوئے تو کیا
اُجڑے ہوئے علاقے کے عامل ہوئے تو کیا

سحر لکھنوی:
رواجِ مے کی کیفیت نہ پوچھو دورِ ساقی میں
اُجڑنا مدرسہ تھا ، مے کدہ آباد ہونا تھا

☆ اوجڑے گانو (اُجڑے گاؤں) سے ناتا کیا: (بتحتانی ہای مجہول)

مثل است مشہور، وعبارت ازان است کہ از شخصِ بے مایہ ومفلوک، ہیچکس متعرض نمیشود یا اینکہ موضعی وجای کہ ویران میگردد در آنجا مسکن نمیکنند۔

بحر لکھنوی:
مثل ہے، بلبلو! کیا اُجڑے گاؤں سے ناتا
اب آشیانہ اُٹھاؤ ، بہار دیکھ چکے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اوجلا (اُجلا): (بجیم عربی ساکن ولام بالف کشیدہ)

(الف) بمعنی صاف وسفید وروشن۔

عاشق لکھنوی:
خاک پیری میں کروں اُجلے کفن کی خواہش
آج تک داغِ جوانی کا ہے دھبّا دل میں

ہلالؔ لکھنوی: بند مخمس
کس سے کہیے کس ستم کی چاندنی آتی ہے یاد
شام تک کس صبح دم کی چاندنی آتی ہے یاد
اُجلے چٹے مکھڑے چمکی چاندنی آتی ہے یاد
کیا شبِ وصلِ صنم کی چاندنی آتی ہے یاد

میر حسنؔ دہلوی:
وہ اُجلا سا میداں، چمکتی تھی ریت
اُگا نور سے چاند تاروں کا کھیت

(ب) و در محاورۂ زنانِ محل گازر را گویند، و اُجلی بتحتانی معروف زن گازر را خوانند۔

(ج) و بمعنی آراستہ وشفاف وصاف ہم مستعمل۔

☆اوجلا (اُجلا) ہونا: بلباس صاف وپاک متلبّس بودن۔

بحرؔ لکھنوی:
جب تک اپنے میلے کپڑے ہیں، جہاں اندھیر ہے
جب کہ ہم اُجلے ہوئے عالم میں اُجیالا ہُوا

☆اوجھ: (بواو مجہول وجیم عربی ساکن وہای مخلوط التلفظ)

شکنبہ را گویند۔

☆اوجھا: (بواو مجہول وجیم عربی بہای مخلوط بالف کشیدہ)

طایفہ از فقرای ہنود کہ بیشتری ساحرازان می باشند۔

☆اَوجھڑ: (بالف مفتوح وواو ساکن وجیم مفتوح وہای مخلوطہ ورای ثقیلہ)

(الف) ضربِ سپر را گویند تا حریف نتواند حملہ آورد۔

(ب) و اوجھڑ مارنا و اوجھڑ دینا عبارت است از سپر بر سر زدن ہنگامِ جنگ۔

لمؤلفہ در قصیدہ:
جسم تھرائے یہ رُستم کا، گرے ہاتھ سے گرز
سپرِ عزم کی دے وہ جو وغا میں اوجھڑ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(ج) واو جھڑ لگنا ہم مستعمل۔

شعورؔ لکھنوی: خدنگِ نالہ پھر آیا فلک سے ٹکرا کر
مگر لگی سپرِ ماہ تاب کی اوجھڑ

☆ اوجھڑی: (بواو مجہول و جیم تازی ساکن ورای ثقیلہ و ہای معروف) روده وغیره احشای اندرونی بہایم را گویند۔

شاعرے در صفتِ سامانِ دعوت: ایک سے ایک چیز بڑھ کر ہے
اوجھڑی قورمے سے بہ تر ہے

☆ اوجھل: (بواو مجہول و فتح جیم و ہای مخلوط و لام) بمعنی چیزی کہ نظر بینندہ در حجاب و خفا باشد۔

ناسخؔ لکھنوی: کوئی دم اوجھل نہ ہو نظروں سے، اے خورشید رُو!
بعد مدت آج میری چشم تر کھاتی ہے دھوپ

لمؤلفہ: پٹ کی اوجھل سے قیامت ہے اشارے کرنا
قہر ہے بیٹھ کے کھڑکی میں نظارے کرنا

عاشقؔ لکھنوی: رقیبوں کو ہے لطفِ زیست، وہ صحبت میں داخل ہیں
تمھارے آگے مُردوں میں ہے، جو آنکھوں سے اوجھل ہے

☆ اَوج ہونا: (بفتح اوّل و سکون واو) بمرتبۂ اعلیٰ رسیدن۔

اسیرؔ لکھنوی: کیا سُبک روحوں کے آگے ہو گراں جانوں کو اَوج
بیٹھ جاتا ہے اگر گرتا ہے پتھر آب میں

☆ اوجیالا (اُجیالا): (بواو بیانِ ضمہ و جیم ساکن و تحتانی و لام ہر دو بالف کشیدہ) بمعنی روشنی۔ زبانِ قدیم، اکنون قلیل الاستعمال است و اُجالا، مستعمل و فصیح۔ چنانکہ تحقیق آن در لغت اوجالا (اُجالا) گذشت۔

☆ اوچاپت (اُچاپت): (بواو بیانِ ضمہ و جیم فارسی بالف کشیدہ و بای فارسی مفتوح و تای قرشت در آخر) اجناس وغیرہ کہ از دکانداری بالمرہ و متفرق گرفتہ باشند۔ آنرا اُچاپت میگویند۔ چنانکہ گویند کہ "فلانے کے گھر میں رام سہاے کی دکان سے اُچاپت اُٹھتی ہے"۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اوچاٹ (اُچاٹ) ہونا: (بجیم فارسی مفتوح بالف کشیدہ وفوقانی ثقیلہ)
بمعنی بیزار و برخاستہ خاطر شدن۔

آتش لکھنوی:
چوٹ سی لگتی ہے، دل جنگل سے ہوتا ہے اُچاٹ
سنگِ طفلاں کرتے ہیں مجھ کو اشارے شہر سے

بحر لکھنوی:
کدھر جاؤں، کہاں بیٹھوں، اُچاٹ ایسی طبیعت ہے
نہ گھر میں دل بہلتا ہے نہ جی لگتا ہے محفل میں

☆اوچٹنا (اُچٹنا): (بجیم فارسی مفتوح وفوقانی ثقیلہ ساکن)
(الف) بمعنی برخاستہ دل شدن وزایل شدن کیفیت نومی وغیرہ دفعتہً۔

وزیر لکھنوی:
بولا وہ، سن کے شب مری بے تابیوں کا حال
کیسی یہ داستاں تھی، مری نیند اُچٹ گئی

(ب) و نیز چیزی کہ بر شے صلب مثل سنگ وغیرہ رسیدہ، باز جدا شود، آنرا ہم اُچٹ جانا میگویند۔

بحر لکھنوی:
اُس کا نہ دل بڑھا تو لہو میرا گھٹ گیا
مَیں کٹ گیا جو نیچہ اُس کا اُچٹ گیا

☆اوچکا (اُچکّا): (بجیم فارسی مفتوح وکاف عربی مشدّد بالف کشیدہ)
شخصی را گویند کہ مالِ مردم را در روز روشن و مجمعِ مردم بکمال چالاکی چنان بیغما برد کہ حاضران عیبند و متحیّر مانند۔

میر تقی دہلوی:
اُس راہ زن سے مل کر دل کیوں کہ کھو نہ بیٹھیں
انداز و ناز اُچکا، غمزہ اُٹھائی گیرا

☆اوچکانا (اُچکانا): (جیم فارسی ساکن وکاف تازی ونون ہر دو بالف کشیدہ)
بمعنی بلند کردن۔

☆اوچک (اُچک) پھاند: (بجیم فارسی مفتوح وکاف عربی ساکن وبای فارسی مفتوح مخلوط بہا بالف کشیدہ ونون غنہ ودال مہملہ)
بمعنی جست وخیز در لکھنؤ بجایش اُچھل پھاند و اُچھل کود داست۔

شاعرے گوید:
صوفی ہیں مگر غزال معبود
کرتے ہیں جو چال میں اُچھل کود

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆ اوچکنا (اُچکنا): (بجیم فارسی مفتوح وکاف عربی ساکن ونون بالف کشیدہ)۔

(الف) مصدر راست، بمعنی جست کردن۔

آتش لکھنوی:
یہی رہا ذقنِ یار دیکھ کر افسوس
اُچک کے گرتے ہم اُس میں ، اگر کنواں ہوتا

(ب) وکنایہ از بُردن چیزی بچالاکی۔

رنگین دہلوی درریختی:
چھٹی کے بعد یہ ڈھویا مری کا چھن جولائی ہے
ندیدے ہو جیا تم ، بیچ میں سے جو اُچکتے ہو

☆ اوچلا چال: (بجیم فارسی ساکن ولام بالف کشیدہ وجیم فارسی بالف کشیدہ ولام)

کسی کہ از غایت شوخی وشرارتِ طبع بیک وضع ویک جا قرار نداشتہ باشد۔ محاورۂ زنان است۔

درریختی:
شوخیاں اے بُوا! ہیں تم میں کمال
ایسی دیکھی نہیں ہے اوچلا چال

☆ اوچھا: (بواو مجہول وجیم فارسی باہای مخلوط بالف کشیدہ)

(الف) شخصِ کم ظرف کہ سخنِ درازرا ضبط نتواند کرد، مانند احسان کردن وبرزبانش آوردن وامثال آن۔

بات پچتی نہیں ہے تم میں ، واہ!
کتنے اوچھے ہو تم ، معاذاللہ!

(ب) واگر بتشدید جیم فارسی خوانند کلمہ باشد کہ عوام ہنگامِ نشاط برزبان آرند۔

☆ اوچھا زخم: (بجیم فارسی مخلوط بہا بالف کشیدہ)۔

(الف) زخمی کہ غارو عمیق نبود۔

آتش لکھنوی:
کچھ جو غیرت ہے تو اوسفاک! اِک وار اور بھی
زخم اوچھے ہنستے ہیں مُنہ پر تری تلوار کے

(ب) واوچھا وار، بمعنی ضربِ سبک از تیغ باشد۔

لمؤلفہ:
نہ چھیڑ اے زخم، قاتل کو، جو اوچھے وار پڑتے ہیں
جو کچھ ہنسنا ہے ہنس لے ، پھر تو رونا ہے لہُو برسوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اوچھال (اُچھال): (بواو بیانِ ضمّہ و جیم فارسی مخلوط بہا بالف کشیدہ و لام)
حاصل مصدر و نیز امر است از اُچھالنا کہ بمعنی جہانیدن و بر ہوا افگندن است۔

☆اوچھالا (اُچھالا): رسنے باشد کہ در پایہ زینہ و سقفِ مکان بندند تا باستعانش بالا بر آیند و از زینہ بزیر نیفتند۔

☆اوچھال چھکا (اُچھال چھکّا): (بجیم فارسی مفتوح و ہای مخلوط و کاف عربی مشدّد بالف کشیدہ)
زنی را گویند کہ از شوخی قرار نداشتہ باشد و بحرکاتِ شرارت آمیز مجوِ بازیہا ماند۔ محاورۂ زنان است۔
ریختی:

دل کسی سے مقرّر اٹکا ہے
اری تو ایک اُچھال چھکا ہے

☆اوچھالنا (اُچھالنا): (مخلوط الہا بالف کشیدہ، بلام رسیدہ و نون بالف کشیدہ)
بر جہانیدن و بر ہوا افگندن۔
سحر لکھنوی:

کمر یار جو مستی میں نہ ہاتھ آجاتی
دلِ بے تاب نے مجھ کو بھی اُچھالا ہوتا

ناسخ لکھنوی:

ہر صاحبِ خزانہ کو ہے اوج ہی زوال
ٹپکے نہ کیوں اُچھال کے فوارہ آب کو

☆اوچھل (اُچھل) پڑنا: (بجیم فارسی مفتوح و ہای مخلوطہ)
بمعنی دفعۃً برجستن و دہلہ خوردن بسبب خوف و غمی باشد و یا بوجہ سرور و شنیدن خبرِ نشاط۔
بحر لکھنوی:

نالہ کیا تھا میں نے بہت روک روک کر
بجلی اُچھل پڑی جگرِ ابر پھٹ گیا

اسیر لکھنوی:

دیکھے جو اے صنم! تری محرم نماز میں
حوا اُچھل پڑے قدِ آدم نماز میں

☆اوچھلنا (اُچھلنا): برجستن۔
میاں مصحفی:

اِک تیر میں اُچھلا ترا نخچیر ہَوا پر
ڈرتا ہوں نہ اُڑ جائے کہیں تیر ہُوا پر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لمؤلفہ: بدقت بحرِ غم سے کشتیِ جانِ حزیں نکلی
کبھی بیٹھی ، کبھی اُچھلی ، کہیں ڈوبی ، کہیں نکلی

☆اوچھن پوچھن: (بہر دو واو مجہول و ہر دو جیم فارسی و ہر دو ہای مخلوطہ و بای فارسی)

بقیہ طعام را گویند کہ ظرف بدان آلودہ ماند واز ان برآوردہ شود۔

لمؤلفہ: نعمتوں سے جو ہے معمور ارم کا گلشن
خوانِ نعمت کا تری یہ بھی ہے اوچھن پوچھن

☆اوچھے سے پیٹ نہ کیجے: (اوچھے، بواو مجہول وجیم فارسی مخلوط بہا و تحتانی مجہول، و پیٹ، بہای فارسی و تحتانی معروف وفوقانی)

تنبیہ است با آنکہ کسی راز واسرار را حفظ نتواند نمود، با او اخلاص مکن۔

ہر طرح سے ہارے ، نہیں جیت
اوچھے سے نہ کیجیے کبھی پیت

☆اوداس (اُداس): (بواو بیانِ ضمہ ودال مہملہ بالف کشیدہ وسین مہملہ)

(الف) بمعنی افسردہ۔

بحرلکھنوی: یاروں میں خاک بیٹھیے ، کیا بات کیجیے
کہنے میں دل نہیں ہے ، طبیعت اُداس ہے

لمؤلفہ: قفس میں آج بہت بے حواس ہے بُلبل
گلوں کی خیر ہو ، یارب! اُداس ہے بُلبل

(ب) وکنایہ از بی رونقیِ مکان، رنگ وغیرہ باشد۔ چنانکہ گویند "شہر اُداس یا گھر اُداس ہے یا اس دوپٹے کا رنگ اُداس ہے"۔

☆اودا: (بواو معروف ودال مہملہ بالف کشیدہ)

رنگی باشد از الوان و جامہ وچیزی کہ ملوّن بدان رنگ باشد آنرا نیز گویند۔

اسیرلکھنوی: صیاد لطفِ ابرِ چمن قید میں اُٹھے
اودا ہو رنگ میرے قفس کے غلاف کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اوداسی (اُداسی) برسنا: (اُداسی بتحتانی معروف)

کیفیتی باشد کہ بعدِ زوالِ سروری وفرحی بر طبیعت طاری شود وبھمین سبب افسردگی از در و دیوار وآسمان وزمین ظاہر میشود کہ آنرا اُداسی چھانا نیز میگویند۔

لمؤلفہ:
کیوں برستی ہے اُداسی ، اے صبا!
کون گل رُخصت ہُوا گل زار سے

آتش لکھنوی:
گیا وہ ماہ جو صبحِ شبِ وصل اپنے گھر میں سے
اُداسی برسی ہے بام و در و دیوار پر کیا کیا

لمؤلفہ:
بند آنکھوں کی دکانیں ہوگئیں ہنگامِ مرگ
آخرِ شب کیا اُداسی چھاگئی بازار پر

☆اوداہٹ (اُداہٹ): (بواو بیانِ ضمہ ودال مہملہ بالف کشیدہ وہای ہوز مفتوح وفوقانی ثقیلہ) رنگی باشد۔

ناسخ لکھنوی:
کبود رنگ ہے مسّی کا ، تیرے ہونٹ ہیں لال
ملیں جو دونوں تو پیدا نہ کیوں اُداہٹ ہو

☆اودماد (اُدماد): (بواو غیر ملفوظہ ودال مہملہ ساکن ومیم بالف کشیدہ ودال مہملہ درآخر)

(الف) مستیِ حسن وشباب گویند۔ محاورۂ زنان است۔

رنگین دہلوی:
جوے شیر پہاڑوں میں سے لانے جو فرہاد لگا ☆
شیریں نے خسرو سے کہا ، اِس کو بھی اودماد لگا

(ب) ودر لکھنؤ بجای دال آخر فوقانی گویند۔

حکیم نواب مرزا لکھنوی در مثنوی:
بات مجھ کو نہیں یہ خوش آتی
ایسی بندی نہیں ہے اودماتی

ظاہرا ہنگامِ اتصال، تحتانیِ نسبت دالِ آخر را بتا بدل میکنند۔

☆اودھ: (بفتحتین ودال مہملہ مخلوط بہای ساکن)

نام مقامی ست قریب فیض آباد متعلقہ شہر لکھنؤ۔

لمؤلفہ:
زلف و رُخِ جاناں کا کہے کیا کوئی عالم
وہ شامِ اودھ ہے تو یہ ہے صبحِ بنارس

☆بے وزن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اودھار (اُدھار): (بواو بیانِ ضمّہ ودال مہملہ مفتوح مخلوط بہا با الف کشیدہ ورای مہملہ)

(الف) بمعنی قرض، وام واُدھار دینا، قرض دادن بدیگری واُدھار لینا، قرض گرفتن باشد واُدھار مانگنا، قرض طلب کردن بود واُدھار کھانا قرض گرفتہ بصرف آوردن۔

ذوقؔ دہلوی: لے وام ، داغِ دل سے مرے ، سوزش آفتاب
وعدے پہ روزِ حشر کے پر کون اُدھار دے

غالبؔ دہلوی: آپ کا بندہ اور پھروں بے کار
آپ کا نوکر اور کھاؤں اُدھار

(ب) وکنایہ باشد از بیان اصرار بر اقدام کاری۔

خرید لیں کسی یوسف کو جان بیچ کے آج
اِسی پہ حضرتِ دل ہیں اُدھار کھائے ہوئے

☆اودھر (اُدھر): (بواو بیانِ ضمّہ ودال مہملہ مفتوح وہای مخلوطہ ورای مہملہ)

(الف) بمعنی آنطرف۔

ناسخؔ لکھنوی: اِدھر آئی گئی اُدھر شب وصل
نہیں آتی نظر مجھے شبِ وصل

اسیرؔ لکھنوی: اُدھر اُس نے کی کوئی اُلفت کی بات
اِدھر میرے دل کو خبر ہوگئی

آتشؔ لکھنوی: غرورِ عشق زیادہ غرورِ حُسن سے ہے
اِدھر تو آنکھ پھری ، دم اُدھر روانہ ہُوا

وزیرؔ لکھنوی: بیٹھنا کیسا ، اِدھر آیا ، اُدھر راہی ہُو
دن جو ہو تو مختصر ، شب جو ہو تو کوتاہ ہوا ☆

(ب) ومتقدمین دہلوی آنرا بواو معروف گفتہ اند۔

میر حسن دہلوی در مثنوی: زمیں نؤر کی آسماں نؤر کا
جدھر دیکھو اودھر سماں نؤر کا

اکنون متروک است۔

☆ بے وزن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اودھڑنا (اُدھڑنا): (بواو بیانِ ضمہ و دال مہملہ مفتوح و ہای مخلوطہ و رای ثقیلہ)

(الف) باز شدن دوخت جامہ و چرم و بخیہ زخم وغیرہ۔

شعور لکھنوی:
واشد ہے بسکہ ہم کو تری ضربِ تیغ سے
بخیہ تمام زخم بدن کا اُدھڑ گیا

(ب) و دور شدن پوست از جسم۔

کیف لکھنوی:
جنوں میں میرے لیے بند بند کوڑا تھا
نہ پھاڑتا جو قبا کو بدن اُدھڑ جاتا

(ج) و کنایہ از تباہ و زیر بار شدن۔

اسیر لکھنوی:
بھلا ہوا ترے زخمی جو میہماں نہ ہوئے
عبث غریب رفوگر اُدھڑ گیا ہوتا

(د) و اُدھیڑنا، و اُدھڑ وانا، متعدی۔

لمؤلفہ:
آمد ہے فصلِ گُل کی ، جلدی امیرؔ! اُدھیڑو
ٹانکے جو زخمِ دل میں دو چار رہ گئے ہیں

آتش لکھنوی:
آئی بہار ، گل نے قبا اپنی چاک کی
بخیہ جو پیرہن میں ہے اُس کو اُدھیڑیے

(ہ) و آنکہ میگویند "فلاں شخص نے فلاں شخص کو اُدھیڑ ڈالا" بمعنی آنست کہ بسیار سخت و سست گفت و بالزام ہای کثیرہ تخجل ساخت۔ درین معنی مجاز است۔

اللہ نہ ڈالے اُس کے پالے
باتوں ہی میں اُدھیڑ ڈالے

☆اودھلنا (اُدھلنا): (بواو غیر ملفوظہ و دال مہملہ مخلوط الہا مفتوح و لام ساکن و نون بالف کشیدہ) از خود رفتہ شدن۔ مستعملۂ قدماست۔

سوداؔ دہلوی:
مغاں میں کیا کہوں زاہد پسر کی کیفیت
کہ جس کو دخترِ رز دیکھ کر اُدھل جاوے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اودہلی (اُدھلی) چتون: (بواو بیانِ ضمّہ و دال مہملہ ساکن مخلوط بہا و لام تحتانی معروف و جیم فارسی مکسور و فوقانی ساکن و واو مفتوح و نون در آخر)

کنایہ از نظرِ کج و بیرخی۔ محاورۂ بیگمات است۔

رنگین دہلوی: کچھ نظر آتی ہے اُدھلی تری چتون کو کا
اِن دنوں رہتی ہے اینٹھی تری گردن کو کا

☆اودہم (اُدھم): (بواو بیانِ ضمّہ و دال مہملہ مفتوح و ہای مخلوط و میم)

بمعنی ہنگامہ و شور باشد و بر زبانِ بعضی بضمِ دال مہملہ بودہ است مگر فصیح بفتحِ دال است۔

سارے جھگڑے مگر گئے بے کار
کیا اُدھم کوتوال نے جوتا
جائیں کیا سیر کو ہم ، باغ میں کیا رکّھا ہے
واں اُدھم نالۂ بُلبل نے مچا رکّھا ہے

☆اودھو کا لین نہ مادھو کا دین: (بواو معروف و دال مہملہ مخلوط بہا و واو مجہول و کاف عربی بالف کشیدہ و لام تحتانی مجہول بنون معلنہ و نون نفی و میم بالف کشیدہ و دال مہملہ مخلوط بہا و واو مجہول و کاف عربی بالف کشیدہ و دال مہملہ تحتانی مجہول و نون در آخر با اعلان)

مثل است۔ کنایہ از کمال بیفکری و بیغمی۔

☆اودہیڑ (اُدھیڑ) بُن: (بواو بیانِ ضمّہ و دال مہملہ مخلوط بہا و تحتانی مجہول و ضم بای موحدہ و نون)

بمعنی فکر و اندیشہ ہای متواتر در حل و عقد و درستی و برہمی کارہای مشکل۔

سحر لکھنوی: ہم سے الگ تھلگ جو وہ سویا پلنگ پر
کیا کیا اُدھیڑ بُن میں رہے ہم تمام شب

شعور لکھنوی: وہ محو اُدھر ہے اپنی دُھن میں
منصوبے کی یہ اُدھیڑ بُن میں

☆اودی گھٹا: (بواو معروف و دال و تحتانی معروف و کاف فارسی و ہای مخلوط و فوقانی ثقیلہ بالف کشیدہ)

ابر سیاہ را گویند کہ بارندہ و باجوش و خروش باشد۔

ناسخ لکھنوی: یہ روئے کہ شرمندہ کرے اودی گھٹا کو
دیکھے جو نہ دم بھر تری مسّی کی دھڑی آنکھ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

صباؔ لکھنوی: خوب ہی ہے آج تو اودی گھٹا چھائی ہوئی
ساقیا! ہاں ، برق کوئی ساغرِ بلور ہو

☆اور: (بفتح اوّل وواو ساکن ورای مہملہ)

(الف) ترجمۂ واو عطف است۔

(ب) وہم بمعنی دیگر۔ و بواو غیر ملفوظہ ہم مستعمل مگر بمعنیِ اوّل نہ بمعنی ثانی۔

صباؔ لکھنوی: چاندنی کی سیر اور غیروں کے ساتھ
اے قمر! یہ کیا طریقا ہوگیا

لمؤلفہ: تم دُکھاتے تو ہو امیرؔ کا دل
اور جو وہ کوئی آہ کر بیٹھے

ناسخؔ لکھنوی: رجعتِ خورشید اور شقِ قمر سے ہے عیاں
ہے نبی مالک لیالی کا علی ایام کا

قلقؔ لکھنوی: وہ تناسب اور وہ انداز اور وہ موزونی کہاں
راستی سے سرو اُس قد کے برابر ہوگیا

وزیرؔ لکھنوی: جو جیتے تھے تو روتے تھے، ہوئے ہیں خاک مرنے پر
ہمارا کالبد شاید فقط تھا آب اور گل کا

(ج) و بواو ساکن بمعنی دیگر۔

لمؤلفہ: نہیں ہے دل مرے پاس اب تم اور گھر دیکھو
نہ ہو یقین تو پہلو کو چاک کر دیکھو

☆اوربسی (اُربسی): (بواو غیر ملفوظہ ورای مہملہ ساکن وموحدہ مفتوح وسین مہملہ تحتانی معروف)

زیوریست کہ در گلوی آویزند وزیرِ سینہ آویزان دارند۔ زبانِ قدماست۔ اکنون آنرا دُھکدَکی (دال مہملہ مخلوط الہا مضموم وکاف عربی ساکن ودال مہملہ مفتوح وکاف عربی تحتانی معروف) خوانند۔

میاں مصحفیؔ: ہیرے میں اُس کے ہے یدِ بیضا کی روشنی
ہو کیوں کہ اوربسی کی تری ہم سر آفتاب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اور تماشا سنو: (بواو ساکن ملفوظہ)

(الف) اکثر ہنگامِ تعجب بر زبان آرند۔

انشا دہلوی: مَیں نے جو کہا مَیں ہوں ترا عاشقِ شیدا، اے کانِ ملاحت!
فرمانے لگے ہنس کے، سُنو اور تماشا، یہ شکل یہ صوُرت!

(ب) واور تماشا دیکھو، ہم مستعمل۔

لمؤلفہ: چشم پوشی کا مَیں کرتا ہوں جو اُن سے شکوہ
آنکھیں دکھلاتے ہیں وہ ، اور تماشا دیکھو

☆اورد (اُرَد): (بواو غیر ملفوظہ ورای مہملہ مفتوح ودال مہملہ)

بمعنی ماش سیاہ کہ غلّہ ایست مشہور واین لفظ برالسنۂ قومِ ہنود بیشتر جاری است و مسلمانان اکثر ماش میگویند۔

☆اور عالم ہو جانا: (بواو ساکن ملفوظ)

رنگ دگر و کیفیت آخر پیدا شدن۔

اسیر لکھنوی: وسعتِ عالَم سے پایا وسعتِ دل کو سوا
بند آنکھیں کیں جو ہم نے ، اور عالَم ہوگیا

☆اور کا کچھ اور: تغیّر چیزی و کیفیّتی باشد بہ چیزِ دگر و کیفیت دیگر۔

اسیر لکھنوی: خط دے کے اُسے ، اور کا کچھ اور بتایا
قاصد کو مرے ، نام بھی میرا نہ رہا یاد

☆اور گھر دیکھو: (بفتح اوّل و واو ساکن)

محاورست بمعنی آنکہ مرا بگذارید و مطلبِ خود از جای دگر بجوئید۔

اسیر لکھنوی: بن کے سائل جو ہم گئے در پر
ہنس کے بولے کہ اور گھر دیکھو

لمؤلفہ: مِری طرف سے کہے کوئی ، حضرتِ غم سے
بہت رہے مِرے گھر میں ، اب اور گھر دیکھو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اور ہوا ہونا: تبدیل شدن رنگی باشد۔ برنگِ دیگر و کیفیتی بکیفیتی آخر۔

اسیر لکھنوی:
شمیم ، گل میں جو ، ملبوسِ یار کی ہوتی
ہَوا کچھ اور نسیمِ بہار کی ہوتی

☆اور ہی: (الف مفتوح بواو ساکن برای مہملہ زدہ رسیدہ وہای ہوز بتحتانی معروف)

کلمہ ایست مرکب ''اور'' بمعنی دیگر ''وہی'' برای حصر و استعمال آن بترکیب کلماتِ دیگر بودہ است۔ چنانکہ ''یہ اور ہی حسن ہے و یہ اور ہی مقام ہے'' و امثال آن۔ و بعضی از شعرا رای مہملہ را مخلوط الہا بتحتانی معروف گفتہ۔

ناسخ لکھنوی:
قد وہ بوٹا سا نہیں بڑھتا تو اور ہی حُسن ہے
بس مجھے گُل بن ہے کافی ، کچھ نہیں پروائے سرو

رشک لکھنوی:
کرے عاشق جو فرمائش تو اور ہی رنگ لاتے ہیں
اُپج کی لینے لگتے ہیں وہ گانے میں بجانے میں

☆اور ہی بات ہے: جای گویند کہ مخاطب از اصل کار و سخنِ واقعی آگاہ نباشد و بگوید کہ چنین و چنان است، این کس باو گوید کہ ''تم کیا جانو، اور ہی بات ہے'' یعنی شما از اصلِ کار آگاہ نبودہ اید۔

لموٗلفہ:
نہ تو خنجر میں ہے یہ کاٹ نہ شمشیر میں ہے
اور ہی بات ستم گر تری تقریر میں ہے

☆اور ہی عالم ہے: این محاورہ در بیانِ عجایب و غرایب استعمال کنند۔ مثلاً گویند ''اس شہر میں اور ہی عالم ہے'' یعنی طرفہ عجایب و غرایب در آنجا بودہ اند و نیز بجای کہ بیانِ تغیرِ کیفیتی و حالتی منظور باشد استعمال کنند۔

ناسخ لکھنوی:
یہ خجل ہو گلِ خورشید کہ شبنم ہو جائے
دیکھے عالَم جو ترا، اور ہی عالَم ہو جائے

☆اوری: (بواو مجہول و رای مہملہ بتحتانی معروف)

کلمہ ٔ خطاب نسبت بزنِ فرومایہ و کم قدر و بتحتانی مجہول (اورے) خطاب بمردِ فرومایہ۔

☆اوریب (اُریب) کی باتیں: (بواو بیانِ ضمہ و رای مہملہ و یای مجہول و بای موحدہ)۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(الف) بمعنی سخن و کارہای فریب و کج و اکج۔

حسنؔ دہلوی: خیاط پسر اُریب کی باتیں چھوڑ
اتنا بھی کتر بیونت نہ کر منہ کو موڑ
درکار ہے اک سوئی تو سینے سے لگ
پر رشتۂ الفت کو مری جان نہ توڑ

(ب) و بر زبان ہا بفتح اوّل و واو ساکن جاری است۔

☆ اوڑا دینا (اُڑا دینا): (بواو بیانِ ضمہ)۔

(الف) کنایہ از اعراض کردن و قطع کردن سخن یا اعضا وغیرہ۔

اسیرؔ لکھنوی، در معنی قطع کردن: کیا تیز اُس کی تیغِ نگہ ہے کہ دشت میں
چاروں اُڑا دیے ہیں غزالِ ختن کے پاؤں

(ب) و بمعنی بر باد نمودن و خرچ کردن زر و مال نیز آید۔

خدا نے زر کیا پیدا اُڑا دینے کو دُنیا میں
زمیں میں جس کو پنہاں کرتے ہیں وہ گنجِ قاروں ہے

(ج) و بمعنی دور کردن خیال از دل۔

صباؔ لکھنوی: اُڑادی قیدِ مذہب، ہم نے دل سے
قفس سے طائرِ ادراک نکلا

☆ اوڑا (اُڑا) مارنا: عبارت است از سر بر و غالب شدن۔

بحرؔ لکھنوی: رشک آتا ہے، اُسے تم نے اُڑا مارا بحرؔ!
ہم سے شیشے میں نہ اُترا وہ پری کا ٹکڑا

☆ اوڑان (اُڑان): (بواو غیر ملفوظہ و رای ثقیلہ بالف کشیدہ و نون ساکن)

بمعنی پرواز است۔

ذوقؔ دہلوی در قصیدہ ہے وہ ہیکل میں اگر دیو تو صورت میں پری
مدحِ اسپ: ہے اُڑان اُس میں مَلک کی تو بشر کے سے خصال

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اوڑانا (اُڑانا): (بواو بیانِ ضمہ ورای ہندی)

مصدر متعدی است بمعنی پرانیدن و قطع کردن۔

وزیر لکھنوی:
صیاد پر اُڑاتا ہے بُلبل کے، نوچ کر
اے تیغِ شاخِ گل! تو عوض لے، اُڑا کے ہاتھ

(ب) و کنایہ از کمال رونق دادن۔

آتش لکھنوی:
اُڑایا پان کی تحریر نے اور اُن کے دانتوں کو
نگیں کا رنگ چمکائے مقرر ڈاک کندن کا

لفظ ڈاک جز در این شعر مذکور دیدہ نشد۔

(ج) و بمعنی بدام آوردن و فریب دادن۔

افسوس دہلوی:
آنکھوں کے اشارے سے تو' کس کو بلاتا ہے
چل جھوٹی نہ کھا قسمیں، تو' کس کو اُڑاتا ہے

میر حسن دہلوی:
یہ سُن شاہ زادی ہنسی کھل کھلا
کہا کیوں اُڑاتی ہے نجم النساء

اسیر لکھنوی:
نہ مَیں گلشن میں جاتا ہوں، نہ بوے گل وہ لاتی ہے
صبا کو مَیں اُڑاتا ہوں، صبا مجھ کو اُڑاتی ہے

(د) و بمعنی خرچ کردن زر و مال بیصرفہ و بی تأمل۔

سحر لکھنوی:
ہم دولتِ دُنیا کے اُڑانے کو ہیں آندھی
اکسیر بھی پائیں گے تو برباد کریں گے

(ہ) و بمعنی تقلید و اختیار نمودن طرزِ دیگری۔

تسکین دہلوی:
انداز فغاں کا مری بُلبل نے اُڑایا
نقشے کو نزاکت کے ترے، گُل نے اُڑایا

صبا لکھنوی:
ہُوا اُس کی گل بانگ سے ہم کو ظاہر
اُڑایا ہے بلبل نے نالہ ہمارا

مومن خان دہلوی:
ہوتے ہیں پایے مال گُل، اے نو بہارِ حسن!
کس سے اُڑائی تو' نے یہ رفتار کی طرح

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

عاشق لکھنوی: توسن نے اُس سوار کے کیا ہی اُڑا لیا
سرعت کو بادِ تند سے، آہو سے جست کو

(و) و بمعنی ہنگامِ ذکرِ مطلب کسی بذکر و مشغلۂ دگر پرداختن۔

برق لکھنوی: اُس شوخ کی نہ پوچھیے کچھ مجھ سے داستان
آیا جو ذکرِ عاشقِ بے دل اُڑا دیا

(ز) و بمعنی غایب کردن۔ چنانکہ گویند "بازی گر کیا گولیاں اُڑاتا ہے"۔

(ح) و بمعنی دزدی کردن۔ چنانکہ "زید ہماری کتاب اُڑا گیا"۔

(ط) و بمعنی مشتہر ساختن کسی را بعظمت و بصفتی کہ آن کیفیت واقعی نباشد۔

ذوق دہلوی: اُن کو بے پر عرشِ اعظم پر اُڑاتے ہیں مرید
کیا غضب لائیں خدا جانے، جو ہوں پیروں کے پیر

(ی) و کنایہ از جہانیدن اسپ و شتر وغیرہ باشد۔

قلق لکھنوی: مشتاق ہیں کمال، نہ اے شہ سوار! اُڑا
اتنا ٹھہر کہ چوم لے پائے سمند خاک

منہ در مثنوی طلسمِ الفت: گھاٹ سے یوں اُڑائیں سانڈنیاں
جیسے پرواز کرتی ہیں پریاں

(ک) و کنایہ از دریافتن و بمغزِ کلام و معاملہ رسیدن۔

ذوق لکھنوی: کیا طبع میں جودت ہے چٹ دل کی اُڑا جانا
ہونٹوں کا یہاں ہلنا، واں بات کا پا جانا

(ل) و بمعنی محو و معدوم ساختن۔

عاشق لکھنوی: ماتھا رگڑ کے سجدوں میں سارا اُڑا دیا
اک حرف بھی اُڑا نہ مری سرنوشت سے

(م) و بمعنی کشیدن لحن بلند در نغمہ۔

ہلال لکھنوی، مصرع: لاکھ تحریر اُڑاتے ہیں وہ دو تانوں میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اوڑان (اُڑان) کھائی: (کاف عربی مفتوح وہای مخلوط بالف کشیدہ وہمزہ بصورت تحتانی وتحتانی معروف) بمعنی عیاری وچالاکی واُڑان کھائی بتانا بغلط انداختن وفریب دادن۔

جرأت:
سب کو اُڑان کھائی اک بات میں بتائی
پرواز کے تصدّق، اِس گفتگو کے صدقے

☆اوڑ (اُڑ) بھاگنا: (بواو بیانِ ضمہ ورای ثقیلہ) دفعۃً غایب شدن وفرار گردیدن۔

ناسخ لکھنوی:
آتشِ داغِ جدائی سے نہ اُڑ بھاگے گا
طائرِ دل ہے یہ، کچھ طائر سیماب نہیں

اسیر لکھنوی:
کوسوں ہوا کی طرح سے اُڑ بھاگتا ہوں میں
سایہ بھی دیکھتا ہوں جو مردم گیاہ کا

☆اوڑتے (اُڑتے) پھرنا: (بواو بیانِ ضمہ ورای ثقیلہ ساکن وفوقانی تحتانی مجہول) بجای قرار نگرفتن۔

اسیر لکھنوی:
محشر میں موج زن جو نسیمِ کرم ہوئی
اُڑتی پھرے گی فرد ہمارے حساب کی

صبا لکھنوی:
محتسب پتاے ساقی کی بندھی ایسی ہوا ☆
جا بہ جا اُڑتے پھریں سب اشتہار، اب کے برس

ناسخ لکھنوی:
پھرتا ہے کو بہ کو وہ صنم، بوالہوس کے ساتھ
شکّر بھی اُڑتی پھرتی ہے ہر سو مگس کے ساتھ

☆اوڑتی (اُڑتی) چڑیا پہچاننا: (بتحتانی معروف) عبارت از مافی الضمیر دریافتن واین کنایہ از کمال دانائی باشد و اُڑتی چڑیا کے پر گننا نیز بہمین معنی مستعمل۔

اسیر لکھنوی:
دیدۂ سوفار، کیا بینا ہے، اے ناوک فگن!
پر ہر اک طائر کے گن لیتا ہے یہ پرواز میں

☆بے وزن

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اوڑتی (اُڑتی) ہوئی خبر: (تحتانی معروف)۔
(الف) عبارت از خبری باشد کہ بالا بالا بغیر تفحص رسیدہ باشد۔

اسیر لکھنوی:
آندھی کی گرد دیکھ (کے) سمجھے سفر میں ہم
اُڑتی ہوئی خبر یہ ہمارے وطن کی ہے

بحر لکھنوی:
اُڑتی ہوئی جو فصلِ خزاں کی خبر گئی
رنگت گلوں کے چہرے سے پرواز کر گئی

(ب) واُڑتی اُڑتی بتکرار ہم مستعمل۔

قلق لکھنوی:
سُن لی ہے اُڑتی اُڑتی خزاں کی خبر کچھ آج
ہر شاخِ گُل پہ بیٹھے ہیں مرغِ چمن اُداس

☆اوڑ (اُڑ) چلنا: (الف): کنایہ از تبختر و کبر۔

بحر لکھنوی:
گیا دماغ فلک پر جو مل گئی مندیل
وہ اُڑ چلا جو ہَوادار پر سوار ہُوا

(ب) ونیز عبارت از ترقی وافزونی نمودن باشد۔

ناسخ لکھنوی:
اُڑ چلا حُسن ترا اِس کے نکلتے ہی، صنم!
جس کو سب کہتے ہیں خط، ہم اُسے پر کہتے ہیں

(ج) وبمعنی پرواز کردن۔

ناسخ لکھنوی:
جذبۂ دل سے بطِ مے اُڑ چلی
بھیج دے مجھ کو تو' اے مے خوار خط

(د) وبمعنی فنا شدن۔

ناسخ لکھنوی:
پوچھتے ہو حال کیا میرے دلِ وارفتہ کا
اُڑ چلی روحِ رواں رفتارِ جاناں دیکھ کر

☆اوڑ (اُڑ) کر: (بواو بیانِ ضمہ ورای ثقیلہ وکاف عربی مفتوح ورای مہملہ)۔
(الف) بیانِ کمال شوق۔ چنانکہ گویند کہ جی چاہتا ہے کہ اُڑ کر وہاں پہنچ جاؤں'' یا گویند کہ'' اگر عاشق کا جذبِ دل اثر دکھائے تو معشوق اُڑ کر اُس کے پاس آجائے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لمؤلفہ: پر لگادے گا اگر شوق تو یوں آئیں گے
اُڑ کے اک روز ترے پاس پہنچ جائیں گے

(ب) ونیز برای اظہار غایت وانتہای آرند۔

اوڑ (اُڑ) کر کہاں جائے گا: یعنی نتواند کہ از دستِ من رہا شود۔

نصیر دہلوی: ہم ناتواں ہیں ساتھ، جہاں اُڑ کے جائے گا
اے رنگِ زرد! ہم سے کہاں اُڑ کے جائے گا

معروف دہلوی: گرد ساں گوشۂ دامن سے چھڑاؤ نہ ہمیں
اُڑ کے جاؤ گے کہاں ہم سے، اُڑاؤ نہ ہمیں

رنگین دہلوی: ہمیں کیا دیکھتے ہو، ہم نے بھی دیکھا ہے عالَم کو
بھلا سوچو تو، جاسکتے ہو تم اُڑ کر کہاں ہم سے

ناسخ لکھنوی: گرچہ ہیں مور، ولے رُتبۂ بربادی میں
اُڑ کے جائے گا کہاں تختِ سلیماں ہم سے

☆اوڑنا (اُڑنا): (بواو بیانِ ضمہ ورای ثقیلہ)۔(الف) مصدر بہ معنی پرواز درآمدن۔

ناسخ لکھنوی: چھوٹ کر اُڑ جائے اب کیوں کر کہ دستِ نازنیں
طائرِ رنگِ حنا کو چنگل شہ باز ہے

(ب) وبمعنی معدوم شدن۔

اسیر لکھنوی: انتظار ایسا کیا اُس کا کہ مثلِ آئنہ
اُڑ گیا نورِ بصارت ، دیدۂ بیدار سے

آتش لکھنوی: دیدۂ بینا، دلِ روشن نظر آتا نہیں
اُڑ گئی بزمِ جہاں سے صورت کافورِ شمع

صبا لکھنوی: اے منعمو! سامانِ سواری پہ نہ بھولو
اُڑ جائے گا اِک روز ہَوادار تمھارا

وزیر لکھنوی: اے دلِ بے تاب! تا کے ذلتیں، کہتا ہے یار
گھر میں کیوں آتا ہے میرے، کیا ترا گھر اُڑ گیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

رشکؔ لکھنوی: رشک نے مرنے سے پائی پہلے، عالم سے نجات
رہ گیا افسانہ، قصّہ مٹ گیا، سر اُڑ گیا

(ج) وکنایہ از نادان ساختن بفریب وحکمت۔

قلقؔ لکھنوی در مثنوی: بولی افسردہ ہو کے وہ گُلِ تر
مجھ سے اُڑتے ہو، اے پری پیکر!

اسیرؔ لکھنوی: مجھے ہے مدِنظر آپ اپنی بربادی
مِرے غبار سے اُڑتی ہے کیوں نسیمِ بہشت

☆ اوڑ (اُڑ) ناگنی: (بواوِ غیر ملفوظہ ورای ثقیلہ ساکن ونون بالف کشیدہ وکاف فارسی ونون بتحتانی معروف)

(الف) مادہ ماری را گویند کہ پرواز نمودہ بگزد۔

میاں مصحفیؔ: زنداں سے ترے دیو نکل بھاگے تو ڈس لے
اوڑ ناگنی بن کر اُسے زنجیر ہَوا پر

(ب) وناگن (بفتح کاف عجمی ونون بغیر تحتانی) نیز مستعمل۔

بحرؔ لکھنوی: بن کے اُڑ ناگن مؤذن کو ڈسے زلفِ صنم
وصل کی شب کو اذانِ صبح کا کھٹکا بُرا

(ج) واوڑتی ہوئی ناگن ہم مستعمل۔

لموٴلفہ: کون سا بل ہے جو زلفِ بُتِ پُرفن میں نہیں
زور ایسا کسی اُڑتی ہوئی ناگن میں نہیں

☆ اوڑنجو (اُڑن جوگا): (بواوِ بیانِ ضمّہ ورای ہندی مفتوح ونون ساکن وجیم عربی وواوِ مجہول وکاف فارسی بالف کشیدہ)

کنایہ از دعای بد، بمعنی ناشدنی وفناشدنی۔ زبانِ زنانِ محلات است۔

ابھی کیا کیا نہ اُس سے شر ہوگا
کہیں اُڑ جائے یہ اُڑن جوگا

☆ اوڑنچھو (اُڑن چھو) ہونا: (بواوِ بیانِ ضمّہ ورای ثقیلہ مفتوح ونون ساکن وجیم فارسی وہای مخلوط وواوِ معروف)
بمعنی یکا یک غایب شدن وفرار گردیدن۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نکہت دہلوی: چھوڑ دامانِ یار، یک سو ہو
چل ہَوا کھا، صبا! اُڑن چھو ہو

انشا دہلوی: نہ بتولے دو مجھے یاں سے اُڑن چھو ہو کہیں
کس کو کہتے ہیں محبت، اجی! کیسا اخلاص

☆اوڑن کھٹولا (اُڑن کھٹولا): (بواو بیانِ ضمہ ورای ثقیلہ مفتوح وہای مخلوطہ وفوقانی ثقیلہ مفتوح ونون ساکن وکاف عربی مفتوح وہای مخلوطہ وفوقانی ثقیلہ وواو مجہول ولام بالف کشیدہ)
تختی را گویند کہ پریان بر آن سوار شدہ برروی ہوا روند۔

کاندھا اِسے دیں گی ساری پریاں آ کر
تابوت مِرا اُڑن کھٹولا ہوگا

☆اوڑھنا: (بواو مجہول ورای ہندی مخلوط بہا و نون بالف کشیدہ)
(الف) مصدر بمعنی برسر کشیدن جامہ۔

بحر لکھنوی: دوپٹے کو آگے سے دُہرا نہ اوڑھو
نمودار چیزیں چُھپانے سے حاصل!

(ب) واُڑھانا، متعدی است۔ بمعنی پوشانیدن۔

آتش: لگی ہے آگ جو کمل کبھی اُڑھایا ہے
ترے برہنہ سے گرمی دوشالہ کیا کرتا

☆اوڑھنا بچھونا: عبارت از جامہ پوشیدن وجامہ گستردنی باشد۔

آتش لکھنوی: پہلو میں نہیں جب سے کہ وہ غیرتِ لالہ
داغ اوڑھنا ہے، داغ بچھونا مِرے دل کو

اسیر لکھنوی: تیرے وحشی سو رہے ہیں، واہ! کس آرام سے
اوڑھنا ہے دامنِ صحرا، بچھونا خاک ہے

☆اوڑھنی: (بیاے معروف در آخر)
دوپٹہ کو چک، دُختران را گویند ونیز چادری کہ عروسان بالای لباس پوشند اطلاق کنند۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لمؤلفہ در قصیدہ: صفتِ رُوئے حسیں ، صاف ہے ہر ایک زمیں
اوڑھنی گھاس کی دکھلاتی ہے کیا کیا جوبن

میر حسنؔ دہلوی: نمایاں تھی یوں اوڑھنی سے جھلک
کہ جوں برق کی ابر میں ہو چمک

☆ اوڑی اوڑی (اُڑی اُڑی) طاق بیٹھی: (بواو بیانِ ضمہ و راہای ثقیلہ بتحتانی ہای معروف)

(الف) کنایہ از فاش شدنِ راز۔

اسیرؔ لکھنوی: غصے میں بھوں چڑھاؤ نہ اہلِ وفاق پر
دیکھو اُڑی اُڑی کہیں بیٹھے نہ طاق پر

(ب) و اُڑتی اُڑتی ہم بجای اُڑی اُڑی مستعمل۔

عاشقؔ لکھنوی: اے پری! کہہ نہ عاشقِ ابرو
اُڑتی اُڑتی نہ طاق پر بیٹھے

☆ اوس: (بواو مجہول)۔(الف) بمعنی شبنم۔

لمؤلفہ: مژگانِ تر سے جان تسلّی سی پا گئی
کانٹوں کی اوس ، پیاس ہماری بجھا گئی

(ب) و بواو غیر ملفوظ بمعنی او و آن باشد۔

لمؤلفہ: ذکرِ شبِ فراق پہ کہتا ہے دل مرا
لو میرے آگے نام نہ اُس روسیاہ کا

☆ اوسان: (بالف مفتوح و واو ساکن و سین مہملہ بالف کشیدہ)

(الف) بمعنی حواس۔

جانؔ صاحب لکھنوی در ریختی: آرزو دل کی یہ ہے، اُس دم پڑھوں یاسین خود
رونگٹا میلا نہ ہو، یارب! مرے اوسان کا

برقؔ لکھنوی: رُستم کی رُستمی نہ چلے تیرے سامنے
اُڑ جائیں تجھ کو دیکھ کے اوسان صور کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(ب) واوسان جانا ہم مستعمل ہمیں معنی۔

حکیم نواب مرزا لکھنوی:
میرے تو دیکھ کر ، گئے اوسان
لیلا مجنوں کے تو نے کاٹے کان

☆اوس (اُس) پار: (بای فارسی بالف کشیدہ و برای مہملہ)

رسیدہ آنروی دریا وغیرہ۔

سحر لکھنوی در قصیدہ:
نہریں دریا ہوئی ہیں، ڈوبے ہیں سب فوّارے
نظر آتا نہیں اِس پار سے سبزہ اُس پار

☆اوس پڑنا: (الف) ریختن شبنم۔

آتش لکھنوی:
شمع گل ہووے ، جو صبح شب ہجراں مانگوں
اوس پڑنی بھی ہو موقوف ، جو باراں مانگوں

(ب) وکنایہ از افسردہ و پژمردہ شدن۔

صبا لکھنوی:
کچھ آبروئے گل نہ ہوئی پیشِ روئے یار
کیسی چمن میں اوس پڑی باغ بان پر

منہ:
یار کیسی اوس برج سنبلہ پر پڑ گئی
چڑھ گئے کوٹھے پہ تم جو بال سکھلاتے ہوئے

وزیر لکھنوی:
جاتے ہی ترے پڑ گئی اوس ایسی گلوں پر
سرد آتشِ گل ہے، نہیں گل زار میں گرمی

ذوق دہلوی:
تیرے دندانِ مسی زیب کی دیکھی جو بہار
اوس سی پڑ گئی گلشن میں گُل سوسن پر

☆اوستاد (اُستاد): (بواو بیانِ ضمّہ)۔

(الف) در محاورۂ اُردو گویان مطلقاً شخصِ کامل الصفہ را گویند۔

آتش لکھنوی:
دام میں کھینچے بلبل نہیں صیاد آیا
یہ چمن میں کوئی گل چیں کا بھی اُستاد آیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بے خودؔ لکھنوی در مثنوی: ہر اک پان والا پری زاد ہے
جلوۂ اختر: فنِ دل ربائی میں اُستاد ہے

(ب) و بمعنی فایق و بالاتر۔ چنانکہ در شعر آتش گذشت و در محاورۂ رقاصان تعلیم کنند را عموماً بدین لفظ یاد کنند۔ و در عربی بواو مجہول است۔

☆اوستاد (اُستاد) بیٹھے پاس، کام آوے راس: وقتِ آغاز نمودنِ ہنری این محاورہ بر زبانِ سوقیان وغیرہ جاری ست۔

لمؤلفہ: قابو میں ہو جو دل تو کوئی کیوں اُداس ہو
سب کام آئیں راس جو اُستاد پاس ہو

☆اوستاد (اُستاد) کرنا: کسی را باوستادی گرفتن۔

☆اوستاد (اُستاد) کی قمچی: بمعنی آلہ کہ معلم از آن تادیب اطفال نماید۔ پس کنایہ از آلۂ ادب دادن باشد۔

اسیرؔ لکھنوی: دشت وحشت میں بیاضِ چشمِ جاناں یاد کی
شاخِ آہو مجھ کو قمچی ہوگئی اُستاد کی

☆اوسترا (اُسترُ ا): (بسین مہملہ ساکن و فوقانی مضموم و رای مہملہ بالف کشیدہ)

(الف) آلۂ موتراشی را گویند۔

(ب) و اُسترا پھرنا، بمعنی صاف شدن از مو باشد۔

ناسخؔ لکھنوی: اُسترا اُس کے ذقن پر جب پھرا، ثابت ہوا
دوُر ہوجاتے ہیں تنکے حلقۂ گرداب سے

☆اوس چاٹنا: (جیم فارسی بالف کشیدہ و بتای ہندی رسیدہ و نون بالف کشیدہ)

بمعنی لیسیدن شبنم و کنایہ از فعل ما راست کہ آن شبہا در صحرا بر آمدہ، شبنم را می لیسد۔

عاشقؔ لکھنوی: اوس چاٹے سبزۂ رخسارِ جاناں کی اگر
زہر سے چھالے پڑیں لاکھوں زبانِ مار پر

اوس (اُس) سِرے: (سین مہملہ مکسور و رای مہملہ بتحتانی مجہول)

بمعنی نہایت و غایت۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

شعورؔ لکھنوی: اُس بسرے ، اُڑ کے تمنا جو مجھے ہے تو یہ ہے
کاش! اب رنگ پریدہ مِرا شہ پر ہوتا

اوس (اُس) کے دشمن: ہنگامِ انتسابِ امری مکروہ نسبتِ دوست و عزیز استعمال این محاورہ می نمایند، چنانکہ گویند ''اُس کے دشمن بیمار ہیں'' یعنی او بیمار ست۔

اسیرؔ لکھنوی: نامے کیا! تعویذ بھیجوں، اُس کے دشمن ہیں علیل
زعفران و مُشک سے لازم ہیں تحریریں نئی

☆اوسوں پیاس نہ بجھنا: بمعنی سیر و آسودہ نشدن از چیز اندک۔

میرؔ دہلوی: دل کی تو اشک سے نہ نکلی بھڑاس
اوسوں بجھتی نہیں ہے پیاس کہیں

نکہتؔ دہلوی: آب خنجر سے گلو تر نہ ہُوا
اوس سے پیاس کا بجھنا معلوم

☆اوسی (اُسی) پر خاک پڑتی ہے جو چاند پر خاک ڈالتا ہے: عبارت از آنکہ ہر کہ بد گوید کسی را کہ او قابلِ بد گفتن نباشد، ہر آئینہ خود بدنام میشود۔

نصیرؔ دہلوی: سمجھ یہ مہر نہ کیوں اُس کے مُنہ پر زر پھینکے
پڑے ہے خاک اُسی پر جو چاند پر پھینکے

☆اوشغلا (اُشغُلا): (بواو بیانِ ضمّہ و شین معجمہ زدہ و غین معجمہ مضموم ولام بالف کشیدہ) کنایہ از فتنہ و فساد بود۔

میری جا غیر کو بٹھایا ہے
یہ نیا اُشغُلا اُٹھایا ہے

☆اوشغلا (اُشغلا) چھوڑنا: سخن گفتن کہ بدان سبب دو کس باہم بجنگند و مخاصمت ورزند، و بجای چھوڑنا، اُٹھانا ہم مستعمل است۔

☆اوقات: در اُردو بمعنی کیفیت و بسر بر د آید۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ناسخ لکھنوی: گاہ روتا ہوں، کبھی ہنستا ہوں اپنے حال پر
کوئی بھی ہوگا نہ دُنیا میں مِری اوقات کا

☆اوقات کٹنا: (الف) بسر شدن اوقات و زندگانی۔

آتش لکھنوی: سایلِ دولتِ دُنیا ہوں مَیں آتش کیسا
گنجِ قاروں سے بھی اوقات نہیں کٹتی ہے

سحر لکھنوی: حالِ دل پوچھو نہ کچھ، می گذرد می گذرد
ہر طرح ہجر میں اوقات کٹی جاتی ہے

(ب) و اوقات چلنا ہم بہمین معنی۔

میاں مصحفی: خدا کے لطف سے، کچھ کچھ ترے کرم سے بھی
چلی ہی جاتی ہے اوقات میری یوُں تو مدام

(ج) و اگر کاٹنا گویند، متعدی باشد بمعنی بسر کردن اوقات۔

لمؤلفہ: کیا تڑپ کر، لوٹ کر اوقات کاٹی ہجر میں
کروٹیں لے لے کے ہم نے رات کاٹی ہجر میں

☆اوک: (بواو مجہول و کاف عربی)

(الف) ہر دو دست خواہ یکدست را کشادہ بدہن متصل سازند، تا آب وغیرہ برآن ریزند و این کس بخورد۔ پس این وضع دست را اوک گویند۔

غالب دہلوی: پلادے اوک سے، ساقی! جو ہم سے نفرت ہے
پیالہ گر نہیں دیتا، نہ دے، شراب تو دے

(ب) و در لکھنؤ بجایش چلّو (بضم جیم فارسی و لام مشدّد بواو معروف) گویند۔

☆اوکتانا (اُکتانا): (بواو بیانِ ضمہ و کاف عربی ساکن و فوقانی و نون، ہر دو بالف کشیدہ) مصدر ست، بمعنی دل تنگ شُدن و بیزار گردیدن

ناسخ لکھنوی: بختِ خوابیدہ بھی اُکتا گئے سوتے سوتے
کیا شبِ ہجر ہے، اے دیدۂ بیدار! دراز

غافل لکھنوی: باغ کے لوٹو مزے، اے ساکنِ گل زار تم
ہے طبیعت اپنی یاں سے اب تو اکتائی ہوئی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆اوکت (اُکت) لینا: (بواو بیانِ ضمّہ)

(الف) حرکت کار زاید از حوصلہ و بیموقع نمودن ۔ محاورۂ زبانِ دہلی است ۔

جرأت: ملا غیر سے جا جفا کیا نکالی
اُکت لے کے آخر ادا کیا نکالی

(ب) و در لکھنؤ اُکت کی لینا مستعمل است ۔

تسلیم: چشمِ غضب پہ اُس کی لگا جان وارنے
اچھی اُکت کی لی ، دلِ اُمیدوار نے

مسرور: اب دعاؤں پہ گالی دیتے ہیں
ہر جگہ وہ اُکت کی لیتے ہیں

☆اوکڑو (اُکڑو) بیٹھنا: (کافِ عربی ساکن و رای ہندی مضموم و واو معروف) بمعنی سرِ پا نشستن ۔

غیر محفل میں تری پہلے تو اُکڑو بیٹھا
پھر جگہ پا کے ترے دل میں دوزانو بیٹھا

☆اوکسنا (اُکسنا): (بواو بیانِ ضمّہ)

(الف) مصدر باختیار خود برآمدن از قابوی دیگری ۔

حکیم نواب مرزا لکھنوی: میں اُکسنے تلک نہیں پاتی
ورنہ اپنے کہے کو خود آتی
دل لگی اچھی ہے سوجھی یہ دلِ محرور کو
روز اُکساتا ہے جاجا کر چراغِ طوُر کو

(ب) و برآوردن خور را از تحت بفوق بحرکت خفیف ۔

بارِ غم اِس قدر ہے کاندھے پر
کہ ذرا ہم اُکس نہیں سکتے

(ج) و اُکسانا، متعدیِ آن و نیز بمعنی فتیلۂ چراغ را اندکی بیرون کردن برای افزونی روشنی و کنایہ از مہیا و آمادہ گردانیدن کسی را بر کاری ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کیفؔ لکھنوی بدین
اُکسائے جائیں رند جو ساقی کو بزم میں
معنی:
ہرگز چراغِ ساغرِ صہبا بڑھے نہیں

☆اوکل: (بالف مفتوح وواوساکن وکاف عربی مفتوح ولام ساکن)
لغت بھاکاست بمعنی بی آرام واکنون در اُردو زبان بدین معنی بکل مستعمل است۔

☆اوکنا: (بواو مجہول وکاف عربی ساکن ونون بالف کشیدہ)
مصدر رست بمعنی قی کردن۔

☆اوکوتا (اُکوتا): (بواو بیانِ ضمہ وکاف عربی مفتوح وواو ساکن وفوقانی بالف کشیدہ)
نام مرضیست کہ بثور برآیند ومواد رقیق مثل آب از آنہا جاری باشد۔

☆اوکھاڑنا (اُکھاڑنا): (بواو بیانِ ضمہ)۔(الف) بمعنی برکندن باشد۔

ناسخؔ لکھنوی:
وہ سہی قد، کرکے ورزش خوب زوروں پر چڑھا
کہہ رہا ہے سرو کو جڑ سے اُکھاڑا چاہیے

(ب) واُکھیڑنا (بتحتانی مجہول)
ہم بدین معنی مستعمل۔

بحرؔ لکھنوی:
ترے پنجے نے یک دست اُنگلیاں توڑی ہیں مرجاں کی
کلائی نے تری، الماس کا گٹا اُکھیڑا ہے

آتشؔ لکھنوی:
دکھانے کو نہ زور اپنا اُکھیڑیں خاک کے پتلے
رگِ جانِ زمیں ریشہ ہے ہر اک پیڑ کی جڑ کا

(ج) واُکھڑنا (بواو بیانِ ضمہ)
بمعنی برکندہ گردیدن۔

اسیرؔ لکھنوی، بمعنیِ اوّل:
وہ نخل بوستانِ جہاں، مَیں ہوں، باغ باں
یا گڑ گیا زمین میں، یا میں اُکھڑ گیا

(د) وبمعنی بیجا شدنِ عضو۔

اسیرؔ لکھنوی:
تارِ دامن سے اُکھڑ جائے نہ کیوں میری کمر
آستیں کا یہ ہُوا بوجھ کہ شانہ اُترا

(ہ) ونیز کنایہ از بیزاری وبرہمی باشد۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

قلق لکھنوی:
وہ عیسیِ دوراں ابھی غیروں سے اُکھڑ جائے
جم جائے جو رنگِ رُخِ بیمارِ محبت

(د) وکنایہ از مغلوب و عاجز شدن۔

ہلالؔ لکھنوی:
غیر بے عقل جے یار کی صحبت میں تو کیا
آپ اُکھڑ جائیں گے دو جوڑ جو معقول پڑے

☆اوکھڑی (اُکھڑی) باتیں: کنایہ از سخن ہای نا استوار و رنجش آمیز باشد۔

بحرؔ لکھنوی:
اُکھڑی باتوں سے اُکھڑتی ہے طبیعت اپنی
مہرباں! تم میں جہالت کبھی ایسی تو نہ تھی

☆اوکھلی: (بواو مجہول و کاف عربی ساکن و ہای مخلوطہ و لام بتحتانی معروف)
سنگی یا چوبی باشد کہ در سرش جوفی نمودہ، غلّہ وغیرہ در آن بکوبند۔ مثالش در محاورہ مابعد موجود است۔

☆اوکھلی میں سر دیا تو دھمکوں سے کیا ڈر: مثل است۔ جای گویند کہ در امری و کاری مخطور قدم گذارند و از مضرت آن اندیشہ نکنند، یعنی ہر گاہ کہ در ظرفے کہ موجب چنین صدمہ باشد سر نہادہ شد از خوفِ ضربات چہ اندیشہ۔

نکہتؔ دہلوی:
مژہ کا خوف کیا، دل غرقِ چاہِ نافِ دل بر ہے
دیا جب اوکھلی میں سر تو پھر دھمکوں سے کیا ڈر ہے

آشفتہؔ دہلوی، قطعہ:
یار کی خاطر سے، سب سے در گذر کرتے ہیں ہم
اپنی جاں بازی کا کب خوف و خطر کرتے ہیں ہم
ایک سر ہے جس کا جی چاہے سو آ کر کاٹ لے
اوکھلی میں سر دیا، دھمکوں سے کب ڈرتے ہیں ہم

جانؔ صاحب لکھنوی در ریختی:
جب اوکھلی میں سر دیا، دھمکوں کا کیا ہے خوف
سب کو خدا دے، جیسا دیا ہے مجھے جگر

☆اَوکھی: (بفتح الف و واو ساکن و کاف عربی و ہای مخلوط و تحتانی معروف)
روش خاص اسپ را گویند کہ ہر دو پای پیشین را بلند کردہ راہ رود، و در روش و کلامِ انسان وغیرہ نیز مجازاً مستعمل است، جای کہ در آن نوعی از تیزی و چالاکی یافتہ شود و اوکھیاں جمع آن۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بگڑی چالیں ہیں، نہیں رفتار کوئی کام کی
کچھ نئی ہیں اوکھیاں اِس ابلقِ ایام کی

☆ اَوگھی کھاکھر: (بفتح الف وسکون واو وکاف فارسی وہای مخلوطہ وتحتانی معروف وکاف عربی مخلوط بہاوالف کشیدہ وکاف عربی ثالث مفتوح مخلوط بہاوراى مہملہ)

رسنی باشد دراز وعمودی چوبین کہ درآن زنجیرہای کوچک قریب قریب نصب باشد وبدان اسپ را تعلیمِ جست وخیز کنند۔

☆ اوکھے چوکے: (بہردوواو معروف وہردوتحتانی مجہول)

تابع مقدّم ومتبوع موٴخر۔ زبانِ قدیم دہلی است، بمعنی سہو وخطا۔

انشادہلوی:

میں جو کہا، کبھی تو بھلا اوُکے چوُکے مل
باتوں ہی باتوں میں مجھے اتنا نہ ٹال تو
ہنس کر لگا یہ کہنے کہ اے تجھ کو آفریں
رکھتا ہے میرے ساتھ یہ اچھا سوال تو

☆ اوگارنا (اُگارنا): (بواو بیانِ ضمہ وکاف فارسی بالف کشیدہ ورای مہملہ ساکن ونون بالف کشیدہ)

(الف) صاف کردن وبرآوردن رگل از چاہ بود۔

آنکھوں میں دم ہے، پیاس کو تاچند ماریے
ہے جی میں، اُس کے چاہِ ذقن کو اُگاریے

(ب) واُگروانا متعدیِ آن، معنی برآوردہ گردانیدن رگل از چاہ۔

☆ اوگال (اُگال): (بکاف عربی بالف کشیدہ ولام درآخر)

سفل پان کہ خائیدہ از دہن بیندازند۔

صبا لکھنوی:

حسرت رہی، کبھی نہ ہوئے تجھ سے لب بہ لب
نیت لگی رہی ترے مُنہ کے اُگال میں

☆ اوگال دان (اُگال دان): (باکاف فارسی بالف کشیدہ وبہ لام رسیدہ ودال مہملہ بالف ونون)

ظرفی را گویند کہ درآن سفل پان بیندازند۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وزیرؔ لکھنوی: ہم مُنہ کو دیکھ دیکھ کے رہ جائیں ، یا نصیب!
لوٹے اُگال دان مزہ اُس اُگال کا

☆اوکتانا (اُکتانا): (بواو غیر ملفوظہ و کاف فارسی ساکن و فوقانی و نون بالف کشیدہ)
از مشغولی مفرط بکاری دل سیر شدہ، بیزاری گردیدن۔

لمؤلفہ: تا چند ، امیرؔ! اِس چمنستاں کا نظارہ
دل سیر سے اُکتا گیا، پتھرا گئیں آنکھیں

ناسخؔ لکھنوی: بختِ خوابیدہ بھی اُکتا گئے سوتے سوتے
کیا شبِ ہجر ہے، اے دیدۂ بیدار ، دراز

☆اوکٹا (اُکٹا) پینچی: (بکاف فارسی ساکن و تای ہندی بالف کشیدہ و بای فارسی مفتوح و تحتانی ساکن و نون غنہ بجیم فارسی و تحتانی معروف)
محاورۂ مختصۂ زنان است۔ بمعنی طعن و تشنیع و باموروعیوبِ گذشتہ طرفِ ثانی را بیاد آوردن و ذکر کردن و احسانِ سابق خود بر زبان راندن۔

☆اوکٹنا (اُکٹنا): (بکاف فارسی مفتوح و تای ہندی ساکن و نون بالف کشیدہ)
مصدر است بمعنی عیوبِ طرفِ ثانی را ہنگامِ غصہ و مخاصمت بر زبان آوردن و بہ بدی یاد کردن۔
محاورۂ زنان باشد۔

☆اوگرا: (بواو مجہول و کاف فارسی ساکن و رای مہملہ بالف کشیدہ)
عبارت از طعام بدمزہ و بدطعم مثل آنکہ سوس انداختہ پزند۔

مسرورؔ متوکل ہوں، شکر عادت ہے
اوگرا بھی ہزار نعمت ہے

☆اوگل (اُگل) پڑنا و اوگلنا (اُگلنا): (بواو بیانِ ضمہ و کاف فارسی مفتوح و لام ساکن و بای فارسی مفتوح و رای مہملہ ساکن و نون بالف کشیدہ)۔
(الف) بیرون آمدن شمشیر از نیام بدون کشیدن۔

لمؤلفہ: وہ بسمل ہوں ، جب ہاتھ قاتل نے کھینچا
گلے پر مرے گر پڑی تیغ اُگل کر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(ب) بمعنی فرو ریختن چیزی از دہن، بجبر باز دادن۔

وزیر لکھنوی: بہنے لگے ہیں چشمِ دلِ مضطرب سے اشک
دانے اُگل رہی ہے مری آسیای دل

صبا لکھنوی: نقدِ جاں کو تنِ خاکی کہیں رکھ سکتا ہے
دیکھیں اُگلے یہ خرابہ نہ خزانہ کب تک

آتش لکھنوی: دولتِ دُنیا سے مستغنی ہوں مَیں دیوانہ آج
گنج اُگل دیتا ہے میرے واسطے ویرانہ آج

صبا لکھنوی: محشر کو چاہیے ہے اُگلنا پڑے تجھے
کھا کر تو مشتِ خاک کو خوش، اے زمیں! نہ ہو

(ج) واگلوانا و اُگلانا، ہر دو متعدیِ آنست۔

آتش، مصرع: گنج چھینے مہرے اُگلاے دہانِ یار سے

☆ اوگنا (اُگنا): (بکافِ فارسی ساکن و نون بالف کشیدہ)
بمعنی روئیدن۔

آتش لکھنوی: اُلجھا ہے دل بتوں کے گیسوے پُر شکن میں
اُگتی ہے جاے سبزہ کنگھی مرے چمن میں

رشک لکھنوی: تم کھڑے ہوتے نہیں، اُگتا ہے طوبیٰ کا درخت
صحنِ جنت ہے، تمھارے گھر میں انگنائی نہیں

ناسخ لکھنوی: مَیں ایسا پاک دامن ہوں، یقیں ہے بعدِ مُردن بھی
بجاے سبزہ تُربت پر اُگے گا پنجۂ مریم

اسیر لکھنوی: داغ کھا کھا کر ہزاروں بسکہ مَیں نے جان دی
جو اُگا گُل میری تربت پر، ہزارا ہوگیا

